هُوَ الَّذِیْ جَعَلَ الشَّمْسَ ضِیَآءً وَّالْقَمَرَ نُوْرًا وَّقَدَّرَهٗ مَنَازِلَ
لِتَعْلَمُوْا عَدَدَ السِّنِیْنَ وَالْحِسَابَ ۔ (القرآن الکریم)

تقویم تاریخی

(قاموس تاریخی)

۱ سنہ ہجری سے ۱۵۰۰ سنہ ہجری تک ہجری و عیسوی سنین کی ماہوار تقابلی جدولیں
اور تاریخ اسلامی کے مشہور حوادث، واقعات اور وفیات مشاہیر

مرتبہ

عبد القدوس ہاشمی

مرکزی ادارہ تحقیقات اسلامی

پوسٹ بکس ۳۱۰ ، کراچی ۵

سلسلۂ اشاعت (۴)

تاریخ طبع ـــــــــــــ مئی ۱۹۶۵ء

تعداد ـــــــــــــ دو ہزار

مطبع ایجوکیشنل پریس، کچہری روڈ، کراچی

ناشر: مرکزی ادارہ تحقیقات اسلامی کراچی

قیمت فی جلد ـــــــــــــ آٹھ روپے

پیش لفظ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قرآن کریم نے تاریخ اور اس سے سبق آموزی پر بار بار زور دیا ہے، اس کی وجہ یہ ہے کہ قرآن مجید کے ارشاد کے مطابق خداوند تعالیٰ تاریخ سے، یعنی زمانہ کے تسلسل اور اس کے اندر جو کچھ ہوتا ہے، اس سے اور خصوصاً انسانی تاریخ سے ہرگز غافل نہیں ہے، بلکہ اس پر ہر وقت نگراں ہے، جب کبھی ایسا ہوتا ہے کہ تاریخ صحیح راستہ سے بھٹکتی نظر آئے تو اللہ تعالیٰ کا قاعدہ ہے کہ اس کے اندر دخل انداز ہو کر کے کچھ عناصر کو نیچے اور کچھ عناصر کو اوپر کر دیتا ہے۔ قرآن حکیم کا یہ ایک بنیادی سبق ہے۔

اس کے علاوہ قرون اولیٰ کے مسلمان خود بھی انسانی تجربات و مشاہدات میں گہری دلچسپی رکھتے تھے اور خیالی دنیا بسانے کی بجائے واقعات کو نظر میں رکھنے اور ان پر غور و خوض کرنے کے عادی تھے اس لیے بہ نسبت یونانیوں کے مسلمانوں نے اور علوم کے ساتھ ساتھ علم تاریخ پر بھی پوری توجہ مبذول کی، ہندوؤں کا تو ذکر ہی کیا کہ ان کے ہاں تاریخ کا کوئی تصور ہی نہیں، دوسری قدیم اقوام میں سے کسی نے بھی تاریخ پر اتنی توجہ نہیں جتنی کہ مسلمانوں نے کی، تاریخ کو ایک مربوط اور منظم علمی شکل میں، اسلامی تعلیم جس کی مقتضی تھی، سب سے پہلے ایک مسلمان ابن خلدون ہی نے دنیا کے سامنے پیش کیا۔

اس ادارہ کے پیش نظر تاریخ کی یہ پوری اہمیت ہے، اور یہ ادارہ یہ شعور رکھتا ہے کہ جو ٹھوس قدم اس سمت میں اٹھایا جائے گا وہ صحیح ہوگا کیونکہ تاریخ کو اور بالخصوص اپنی تاریخ کو اچھی طرح سمجھنا، اور اس کے اچھے برے نتائج سے سبق حاصل کرنا منشاء قرآنی کے عین مطابق ہے۔

ہمیں مسرت ہے کہ ہمارے محترم جناب مولانا عبدالقدوس ہاشمی نے یہ اسلامی تقویم تاریخ لکھی اور ادارہ اسے چھاپنے کے قابل ہوا۔ اس کا پہلا امتیاز تو یہ ہے کہ یہ اسلامی اور مغربی تقویموں کی تطبیق دنوں کی حد تک کر دیتی ہے اور دوسرے یہ کہ تاریخ اسلامی کے تمام اہم واقعات ایک کالم میں تاریخ وار ترتیب دیئے گئے ہیں، اور ہزاروں مشاہیر اسلام کی وفیات کا اندراج ہے۔

وفقنا اللہ جمیعاً بما ھو خیر وحفظنا عن کل شیٔ ھو شر، والحمد للہ رب العالمین

فضل الرحمٰن ڈائرکٹر مرکزی ادارہ تحقیقات اسلامی

ھ

گزارش

نحمدہ و نصلی علیٰ رسولہ الکریم

یہ کتاب ہجری اور عیسوی سنین کے مابین ایک تقابلی تقویم (جنتری) ہے۔ افادیت میں اضافہ کے لیے بعض مشاہیر اسلام کی وفیات اور تاریخ اسلامی کے مشہور واقعات کی توقیت بھی کردی گئی ہے تاکہ اہلِ علم کو وفیات و واقعات کے صحیح اوقات کی تلاش میں دوسری بہت سی کتابوں کی ضرورت پیش نہ آئے۔

اگر کسی کو زیادہ تفصیلات مطلوب ہوں تو متعلقہ تاریخی کتب میں دیکھ لیں۔ اُن کے لیے آسانی اس قاموس تاریخی سے کم از کم اتنی حاصل ہو جائے گی کہ تلاش میں دقت نہ ہوگی۔ تاریخ اسلام کی قدیم اور مستند کتابیں اکثر ہجری سنین پر مرتب کی گئی ہیں مثلاً تاریخ طبری، تاریخ یعقوبی وغیرہ، اس لیے ان کتابوں میں کسی خاص واقعہ یا کسی خاص بزرگ کی وفات کا سال نکالنا مشکل کام ہوتا ہے۔ یہ تقویم تاریخی آپ کو اس واقعہ کا سال اور مہینہ بتا دے گی اور یہ کام آسان ہو جائے گا کہ آپ بڑی تاریخوں میں سے اسی سال کے حوادث و واقعات دیکھ لیں۔

تقابلی جنتری کا طریقہ اور حساب وہی ہے جو مشہور جرمن جنتری وسٹنفلڈ کا ہے۔ ہر ہجری مہینہ کی پہلی تاریخ کو کس عیسوی سنہ کی کیا تاریخ اور ہفتہ کا کون سا دن تھا۔ بتا دیا گیا ہے اگر ہجری تاریخ معلوم ہو تو عیسوی تاریخ اور دن معلوم کرنے کے لیے اسے استعمال کرسکتے ہیں۔ اور اگر عیسوی تاریخ معلوم ہو تو ہجری تاریخ اور دن معلوم کرنے کے لیے بھی آپ اس کو آسان اور کارآمد پائیں گے۔

یہ تقویم سلسہ ہجری سے سنہ ۱۴۰۰ھ ہجری تک ہے۔ اصل تقویم شروع کرنے سے پہلے دو صفحات میں ولادت حضرت رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے لے کر ابتداءِ ہجرت تک ۵۳ سال کا اجمالی نقشہ دے دیا گیا ہے۔ یہ نقشہ موجودہ گریگوری کلینڈر کے اصول پر بنایا گیا ہے۔ اور قمری سال کو موجودہ طریقہ پر بے کبیسہ حساب نہیں کیا گیا ہے۔ یہ صرف آسانی کے لیے ہے۔ مقدمہ کتاب میں ہجری اور عیسوی سنین کی تاریخ پر مختصر نوٹ موجود ہے، اسے غور سے دیکھ لیں۔

اس سلسلہ میں ایک بات ذہن نشین رہے کہ اکتوبر ۱۵۸۲ء میں پاپائے گریگوری نے جو ترمیم کی تھی، اسے تمام ملکوں نے ایک ہی وقت میں قبول نہیں کیا، مختلف ملکوں نے مختلف اوقات میں اس ترمیم کو قبول کر کے اپنے ممالک میں گریگوری کلینڈر جاری کیا ہے۔ مثلاً انگلستان نے یہ کلینڈر ۱۷۵۲ء میں اختیار کیا تھا۔ اس لیے ۱۵۸۲ء اور ۱۷۵۲ء کی درمیانی تاریخوں کے لیے اگر کوئی تحریر انگلستان یا اس کے ماتحت ممالک میں لکھی گئی ہو تو آپ اس جنتری میں مندرجہ تاریخ عیسوی میں سے دس دن کم کر لیجئے، انگلستان کی (یعنی غیر مرمتہ تاریخ) مل جائے گی۔ ہجری تاریخیں بہرحال وہی رہیں گی، اس میں کسی کمی بیشی کی ضرورت پیش نہیں آئے گی۔

(۲) دوسری بات یہ بھی ذہن نشین رہے کہ ہجری سنہ قمری ہے۔ یعنی بارہ قمری مہینوں کا ایک سال شمار ہوتا ہے۔ اس میں نہ کبھی کبیسہ ہوتا ہے اور نہ دقیق فلکیاتی حساب ہے یہ حقیقی سال ہے حضرت مسیح علیہ السلام سے ہزاروں سال پیشتر ہی لوگوں نے چاند کی گردش کے متعلق معلومات حاصل کر لی تھیں اور آج تک اس میں چند منٹ و سیکنڈ سے زیادہ غلطی نہیں نکالی جا سکی ہے۔ اس لیے:۔

(الف) بذریعہ حساب یہ تو معلوم کیا جا سکتا ہے کہ کسی خاص مقام پر پہلی تاریخ کا

چاند نظر آجانا چاہیئے۔ مگر۔ یہ کسی طرح نہیں معلوم کیا جا سکتا کہ واقعتہً
اس دن وہاں چاند نظر آیا ؟ - کیوں کہ بادل۔ کہر، غبار اور افق کی مختلف
کیفیتوں سے اکثر چاند اپنے حسابی وقت پر نظر نہیں آتا۔

اس صورت میں یہ ہر مندرجہ تاریخ میں ممکن ہے کہ ایک دن کا فرق
آپ کو نظر آئے۔ مثلاً ۱۳۰۰ھ ہجری کی پہلی محرم کو اس تقویم کے بموجب
اور تمام بین الاقوامی تقویمات کے بموجب یکشنبہ کا دن ۱۲ نومبر ۱۸۸۲ء
تھا، لیکن یہ بالکل ممکن ہے کہ آپ کو رنگون کا لکھا ہوا ایک قدیم نوشتہ
ملے جس پر یکم محرم ۱۳۰۰ھ ہجری یوم دوشنبہ مطابق ۱۳ نومبر
۱۸۸۲ء تحریر ہو۔

اس کا مطلب یہ ہوا کہ شنبہ ۱۱ نومبر ۱۸۸۲ء کو کسی مقامی وجہ کی بنا پر چاند نہیں
دیکھا جا سکا تھا، حالانکہ از روئے حساب چاند کا دکھائی دینا ضروری تھا۔

بہر حال بقدر طاقت بشری مؤلف تقویم تاریخی نے متعدد قدیم و جدید تقویمات سے اس کا
مقابلہ کر لیا ہے، اور جہاں کوئی ضرورت محسوس ہوئی ہے خود حساب کر کے تصحیح کر لی ہے بہ ایں
بے خطا ہونے کا دعویٰ نہ اس حقیر کے لیے جائز ہے اور نہ کسی دوسرے انسان کے لیے۔

حوادث و واقعات کے مختصر سے خانہ میں بعض تاریخی حوادث اور زیادہ تر مشاہیر
کی وفیات کا اندراج ہے۔ بعض بعض حوادث و واقعات کے ساتھ قمری مہینہ کی
تاریخ عدد میں لکھ دی گئی ہے لیکن ہر اندراج میں اس کا اہتمام نہیں کیا گیا ہے اور نہ
حقیقتہً یہ ممکن تھا، کیونکہ صحیح تاریخ وفات یا صحیح تاریخ واقعہ اکثر و بیشتر معلوم نہیں ہوا
کرتی ہے۔ اس لیے صرف مہینہ کی تعیین پر اکتفا کی گئی ہے، اب ان اندراجات کا
مطلب ہوا کہ اس قمری مہینہ میں جس کے سامنے یہ اندراج ہے، اس ماہ میں یہ واقعہ ہوا تھا یا یہ بزرگ

وفات پائے تھے۔ یہ نہ سمجھا جائے کہ اس قمری مہینہ کی پہلی تاریخ کو یہ حادثہ ہوا تھا۔ اختلافاتِ تاریخی میں حتی الامکان اصح الاقوال کا اندراج ہے۔

مؤلف کو اس کا شدید احساس ہے کہ زیادہ مکمل معلومات مہیا کی جاتیں تو زیادہ مفید کام ہوتا، لیکن ایک انچ کی ایک سطر سے زیادہ گنجائش اس جنتری میں نہیں تھی۔ ورنہ کتاب کی ضخامت بہت بڑھ جاتی بلکہ کئی جلدوں کی گنجائش ناگزیر ہوتی۔ اور اس کتاب سے مقصود تو یہ تھا کہ ایک چھوٹی سی تقابلی تقویم اہلِ علم کے ہاتھوں میں دے دی جائے۔ علم تاریخ و تراجم کی کوئی وسیع کتاب مقصود نہ تھی۔

مؤلف تقویم شکر گزار ہے جناب ڈاکٹر فضل الرحمٰن صاحب ڈائرکٹر اور جناب ڈاکٹر رفیق احمد صاحب ڈپٹی ڈائرکٹر مرکزی ادارۂ تحقیقات اسلامیہ کا کہ انھوں نے اس تقویم کو پسند فرما کر ادارہ کی طرف سے شائع کیا۔

عبدالقدوس ہاشمی

۲۸/۴ بہار کالونی۔ کراچی ۲

(یکم مئی ۱۹۶۵ء)

داستان ماہ و سال

یہ تو معلوم نہیں کہ ہفتہ کے سات دن، تیس دنوں کے مہینے اور بارہ مہینوں کا سال کب سے مقرر کیا گیا۔ کس قوم کا یہ کارنامہ ہے، لیکن غور کرنے سے دو باتیں البتہ صاف نظر آتی ہیں۔

(۱) ابتداءً مہینوں کا شمار چاند ہی سے کیا گیا ہوگا۔ اس لئے کہ دنیا کی تقریباً ہر زبان میں مہینہ کے لئے جو لفظ ہے۔ وہ اس زبان میں چاند کے لفظ سے مشتق ہے۔ جیسے ماہ، مہینہ، ماس، مون اور منتھ وغیرہ،

(۲) ہفتہ کے سات دن یقیناً سات معروف سیاروں کے نام پر رکھے گئے ہیں۔ جیسے آدیتوار سوموار، سن ڈے، مون ڈے، وغیرہ

ماہ و سال

قیاس یہ چاہتا ہے کہ ابتدار میں لوگ چاند ہی کے مہینے جانتے تھے۔ اور بارہ مہینوں کا سال شمار کرتے تھے۔ یہ روز دن رات جو ہوا کرتے ہیں۔ اس میں شمار کے لئے کوئی امتیازی بات حقیقتہً ایسی نظر ہی نہیں آتی جس سے شمار کیا جا سکے، صرف ایک بات ہر دیکھنے والے کو نظر آتی ہے۔ وہ یہ کہ تیس یا انتیس دنوں کے بعد چاند بہت باریک سا دکھائی دیتا ہے۔ اس کے بعد سے روز بہ روز بڑھتا رہتا ہے۔ اور پورا چاند روشن ہو جاتا ہے۔ اسی طرح روز بہ روز گھٹتا رہتا ہے اور گم ہو جاتا ہے۔ پھر دو تین راتوں کے بعد باریک سا نمودار ہوتا ہے۔

جب بارہ مرتبہ اسی طرح چاند کا عروج و زوال ہو جاتا ہے تو یہ نظر آتا ہے کہ تقریباً وہی پچھلا موسم آجاتا ہے۔ اس طرح مہینے کے تیس یا انتیس دن ہوتے۔ اور سال کے بارہ مہینے۔ اس حقیقت کی شناخت کے لئے نہ کسی فلکیاتی حساب کی ضرورت ہے۔ اور نہ کسی رصدگاہ کی۔

دنیا اسی قاعدہ پر عمل کرتی رہی، اور سال کے شمار کے لئے کسی بڑے واقعہ کو ابتداء قرار دے کر حساب ہوتا۔ یا کہیں کسی بڑے میلے ٹھیلے کو ابتداء قرار دیا گیا۔ اور کہیں کسی زلزلہ، سیلاب جنگ یا کسی بادشاہ کی تخت نشینی کو،

اس کے بعد انسانوں نے بڑے بڑے عبادت خانے بنائے۔ وہاں پروہت مقرر کئے، ان پروہتوں کو نذرانے پیش کئے جانے لگے۔ سالانہ مذہبی میلے ہونے لگے، پروہتوں نے لوگوں پر یہ پابندی عائد کی کہ وہ اپنی زرعی پیداوار کا ایک حصہ لاکر ان پروہتوں کو نذر کریں۔ سومعات، کلیساؤں اور بت خانوں پر چڑھاوے چڑھا دیں۔

جب یہ طریقہ رواج پاگیا تو محسوس ہوا کہ جن قمری تاریخوں میں نئی فصل تیار ہوتی ہے۔

کبیسہ

تین چار سال کے بعد ٹھیک ان ہی قمری تاریخوں میں فصل تیار نہیں ملتی بلکہ ان کی تیاری میں ایک چاند (ایک مہینہ) کی دیر ہوتی ہے۔ اس لئے حسابیوں نے قمری تاریخوں میں لوند اور کبیسہ کا طریقہ رائج کیا۔ اور شمسی سال کا حساب برابر کر دیا گیا۔

ابتداء میں تو قمری مہینوں کے ساتھ ہی کچھ زاید دن لگا کر ایک مخلوط طریقہ حساب رائج ہوا جس کے ذریعہ بارہ قمری مہینوں کو موسمی سال شمسی کے برابر کر دیا گیا۔ جیسا کہ ہمیں ہندوستان، چین اور قدیم مصری و شامی کیلنڈر میں نظر آتا ہے۔ اسی طرح کا کیلنڈر یہودیوں کا بھی ہے۔ اس کے بعد شمسی سال اور مہینوں کا حساب الگ الگ ہونے لگا، مگر مذہبی امور کے لئے قمری حساب کسی نہ کسی قدر باقی رکھا گیا۔ مثلاً نصاریٰ کا ایسٹر، ہندوؤں کی دیپاولی، اور یہودیوں کا صوم کپور اب بھی قمری حساب سے ہوتے ہیں۔ باقی کاروباری ضرورتوں کے لئے شمسی سال رائج ہو گیا۔

آج کی دنیا میں قمری اور شمسی دونوں قسم کے سال کا شمار موجود ہے۔ قمری سال حقیقی ہے یعنی

قمری سال

چاند کے بارہ مرتبہ عروج وزوال کو ایک سال شمار کیا جاتا ہے۔ اس میں موسم کا کوئی لحاظ نہیں رکھا جاتا کبھی یہ سال سردیوں میں شروع ہوتا ہے۔ اور کبھی گرمیوں میں، کبھی بہار میں اور کبھی خزاں میں

چاند زمین کے گرد چکر لگاتا ہے وہ دائرہ جس پر چاند زمین کے گرد چکر لگاتا ہے بالکل گول نہیں ہے۔ اس لئے چاند کبھی زمین سے قریب تر ہوتا ہے اور کبھی بعید تر اسی طرح چاند کی رفتار ہر جگہ برابر نہیں ہوتی۔ کہیں تیز ہوتی ہے اور کہیں سست اس لئے زمین کے گرد چاند کا چکر کبھی ۳۰ دن میں مکمل ہوتا ہے۔ اور کبھی ۲۹ دن میں اسی طرح چاند کے مہینے کبھی ۲۹ کے ہوتے ہیں۔ اور کبھی ۳۰ کے۔

زمین کے گرد چاند کے بارہ چکروں کی مجموعی مدت ۳۵۴ ۳۶۷۰۶۸۴۴ دن ہوتی ہے۔ اس لئے ہر قمری سال اتنی ہی مدت کا ہوتا ہے۔ اس میں کسی حسابی کے زحمت اٹھانے کی ضرورت نہیں کسی ایک مقام پر تیرہویں بار چاند اس سے کم مدت میں نظر آ ہی نہیں سکتا۔ یہ تو ممکن ہے کہ مطلع غبار آلود ہو یا بادل چھائے ہوں تو چاند وقت پر نظر نہ آئے۔ لیکن یہ ہرگز نہیں ہو سکتا کہ اس سے کم مدت میں چاند نظر آ جائے۔

یہی قمری سال مسلمانوں کے ہجری کیلنڈر میں شمار ہوتا ہے، مسلمانوں نے قمری سال ہی کیوں اختیار کیا، اس کی وجہ بالکل ظاہر ہے۔ قرآن مجید میں ہے۔

هو الذی جعل الشمس ضیاءً والقمر نورا وقدره منازل لتعلموا عدد السنین والحساب

(سورۂ یونس آیت ۵)

وہ خدا ہی ہے۔ جس نے سورج کو روشنی اور چاند کو نور بنایا ہے اور اس کے لئے منزلیں مقرر کی ہیں۔ تاکہ تم سالوں کی گنتی اور حساب جان سکو۔

ان عدۃ الشھور عند اللہ اثنا عشر شھرا فی کتاب اللہ (سورہ توبہ آیت ۳۶) اللہ کے نزدیک مہینوں کی تعداد بارہ مہینے ہی ہے، جو اللہ تعالیٰ کی کتاب میں (مقرر) ہے۔

شمسی سال زمین کی دو قسم کی حرکتیں ہیں۔ ایک اپنے محور پر جس کی وجہ سے رات دن ہوتے ہیں۔ یعنی نصف کرہ زمین آفتاب کے سامنے ہوتا ہے۔ اور نصف آفتاب کی روشنی سے محروم رہتا ہے۔ دوسری حرکت آفتاب کے گرد ایک بیضوی دائرہ پر ہوتی ہے۔ جس کی وجہ سے موسم بدلتے رہتے ہیں۔ زمین اس بیضوی دائرہ پر اپنا ایک چکر ۳۶۵ / ۵ / ۴۸ / ۴۶ دن کی مدت میں پورا کرتی ہے۔ اسی مدت کو شمسی سال کہا جاتا ہے، ظاہر ہے کہ یہ مدت بارہ مساوی مہینوں پر قابل تقسیم نہیں ہے، اس لئے موجودہ شمسی عیسوی سال میں ۳۶۵ دنوں کو اس طرح تقسیم کیا گیا ہے کہ سات مہینوں کے دن ہر ایک ۳۱۔ ۳۱ ہیں۔ چار مہینوں کے ۳۰۔ ۳۰، اور ایک مہینہ کے دن صرف ۲۸ رکھے گئے ہیں۔ اس طرح ۳۶۵ پورے کر لئے گئے ہیں۔ اس طرح ۳۶۵ پورے کر لئے گئے۔ باقی رہے کسور تو اس کے لئے ہر چوتھے سال کے ماہ فروری میں ایک دن کا اضافہ کر لیا جاتا ہے اور ۲۹ دن شمار کر لئے جاتے ہیں لیکن حقیقتاً یہ تقسیم بھی کسور پر حاوی نہیں ہوتی۔ اس لئے چار سو سال کے بعد موسم اور مہینہ میں فرق پڑ جاتا ہے یہی وجہ ہے کہ شمسی حساب کے کیلنڈر میں بار بار ترمیم ہوتی رہی ہے۔ اور ہمیشہ ہوتی رہے گی، کبھی دن بڑھانے پڑتے ہیں۔ اور کبھی مہینوں میں الٹ پھیر کر کے سال کو نئے نقطہ سے شروع کرنا پڑتا ہے ۱۹۲۳ء میں مجلس اقوام جینوا نے ایک خاص کمیٹی ماہرین کی اس غرض سے بنائی تھی کہ سارے جہاں کے لئے ایک جدید طریقہ شمسی کیلنڈر کا بنا دیا جائے اس کمیٹی نے بہت دنوں تک کام کیا، اور ضخیم رپورٹ پیش کی اس میں تیرہ ماہ کے سال کا ایک کیلنڈر بنانے کی تجویز بھی تھی، اور یہ بھی واضح کیا گیا تھا کہ موسم اور تاریخ کا ہمیشہ ساتھ رہے، ایسا کیلنڈر بنانا ممکن نہیں ہے اور یہ بھی ممکن نہیں کہ سارے جہاں میں ایک ہی تاریخ رہے۔ اور کسی خاص مہینہ میں ایک ہی موسم رہے۔ مثلاً خط استواء سے شمال میں ہمیشہ ۲۲ دسمبر سب سے چھوٹا دن اور سردی کا موسم ہوگا اور خط استواء سے جنوب میں ۲۲ دسمبر سب سے بڑا دن اور گرمی کا موسم ہوگا۔ اسی طرح بین الاقوامی خط تاریخ سے مشرق اور مغرب میں ہمیشہ دن اور تاریخ کا فرق قائم رہے گا۔

سنہ ہجری عرب میں زمانہ قدیم سے قمری سال رائج تھا اور مہینوں کے نام بھی یہی تھے۔ محرم، صفر وغیرہ، سال کے آخری مہینہ میں حج بھی ہوا کرتے تھے حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کے زمانہ سے ان میں یہی طریقہ رائج تھا۔

اگرچہ حج کا اجتماع ایک مذہبی فریضہ کی ادائیگی کے لئے ہوتا تھا۔ لیکن عرب کے لوگ اس اجتماع سے تجارتی و ثقافتی فائدے بھی اٹھاتے تھے۔ بڑے پیمانہ پر کاروباری معاملات اور ادبی اجتماع بھی ہوتے تھے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے تقریباً سوا تین سو سال پہلے عرب کے لوگ بت پرستی سے آشنا ہوئے اور یہ مرض تمام دیگر خرابیوں کے ساتھ نہایت تیزی کے ساتھ عرب کے ہر گھر میں پھیل کر پوری طرح جاگزیں ہوگیا۔ اب حج ایک بت پرستی کا میلہ بن گیا۔ اور طرح طرح کی خرافیات کا رواج پڑ گیا۔

قمری مہینے موسموں کا ساتھ نہیں دیتے اب جو انہوں نے دیکھا کہ حج کا وقت کبھی گرمی میں اور کبھی سردی میں آجاتا ہے۔ اس وقت نہ ان کی فصلیں تیار ہوتی ہیں۔ اور نہ جانوروں کے بچے خرید و فروخت کے لئے مہیا ہوتے ہیں۔ اس لئے ان لوگوں نے غالباً یہودیوں سے سیکھ کر کبیسہ کا طریقہ رائج کیا۔ یعنی دو یا تین سال کے بعد ایک ماہ کا سال میں اضافہ کرنے لگے۔ اس عمل حسابی کو ہندوستان میں "لوند" کہتے ہیں۔ طریقہ یہ ہے کہ ہر تین سال کے بعد سال کو بارہ مہینوں کی بجائے تیرہ مہینوں کا بنا دیتے ہیں۔ لیکن یہ مہینہ ہمیشہ سال کے آخر ہی میں نہیں بڑھاتے بلکہ باری باری سے ہر مہینہ کے ساتھ اضافہ کیا جاتا ہے۔ مثلاً ایک بار اساڑھ کے ساتھ اضافی مہینہ بڑھا کر اسے "دو ساڑھ" کا نام دے دیتے ہیں۔ دوسری بار بیساکھ کے بعد ایک اضافی مہینہ بڑھا کر اس کا نام دوساکھ رکھ دیتے ہیں۔ عرب والوں نے بھی تقریباً اسی طرح کا کبیسہ جاری کر لیا تھا مگر دو سالہ۔

یہ کام پہلے پہلے جس حساب داں نے انجام دیا تھا وہ قبیلہ کنانہ کا ایک شخص قلمس نامی تھا۔ اس کے بعد سے یہ طریقہ رائج ہوگیا تھا کہ قبیلہ کنانہ کا سردار حج کے اجتماع میں اعلان کر دیا کرتا تھا کہ آئندہ حج کس ماہ میں ہوگا۔ اور اضافی تیرہواں مہینہ اس نے کس مہینہ کے ساتھ بڑھایا ہے۔ اس طرح لفظ قلمس شخصی نام کے بجائے ایک قومی عہدے کا نام ہوگیا۔ اور تاریخوں میں اس کی جمع قلامسہ ملتی ہے۔

اب یہ ہونے لگا کہ دو سال تک حج حقیقتاً ذی الحجہ میں ہوتا تو اس کے بعد محرم میں۔ پھر صفر میں، پھر ربیع الاول میں، یہاں تک کہ ایک وقت وہ آجاتا کہ پھر ذی الحجہ میں آجاتا، مگر اس مدت میں ایک سال کا بیچ سے گم ہو جاتا۔

عرب چار مہینوں کو حرمت کے مہینے قرار دیتے تھے۔ یہ مہینے رجب ذی قعدہ، ذی الحجہ اور محرم تھے اب جو حج کے مہینے بدل دیئے گئے تو لازماً حرمت کے ان چار مہینوں میں تبدیلیاں ہوئیں، تاکہ حج امن کے ساتھ حرمت کے مہینوں میں ہوا کرے۔ اور یہ اعلان بھی قلامسہ کے فرائض میں داخل ہوگیا کہ وہ حج کے موقعہ پر بتا دے کہ آئندہ سال کے کون کون سے مہینے الشہر الحرام (حرمت والے مہینے) شمار کئے جائیں گے ان دونوں اعمال کو عربی میں النسئ کہتے ہیں۔

غرض یہ کہ نسئ کا رواج عرب میں ہوگیا، لیکن یہ نہیں ہوا کہ سارے عرب نے اسے ہر کام کیلئے قبول کر لیا عرب قمری مہینوں کو یاد رکھتے تھے۔ اور بغیر کبیسہ کے سال اور مہینہ کا شمار کرتے تھے۔ صرف مکہ والوں کے نواح والے کبیسہ والے سال سے شمار کرتے اور بغیر کبیسہ سال کو اگرچہ یاد رکھتے۔ مگر شمار میں نہ لاتے تھے۔

اس طرح عربوں میں دو قسم کے کیلنڈر رائج ہو گئے۔ ایک بغیر کبیسہ اسے اہل بدو کا کیلنڈر یا

مدنی کلینڈر سمجھ لیجئے، اور دوسرا قلمس کے اعلان پر مبنی کلینڈر جسے اہل حجر کا کلینڈر یا مکی کلینڈر سمجھئے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت کے بہت پہلے ہی سے یہ دونوں قسم کے کلینڈر موجود تھے۔ یہی وجہ ہے کہ روایات اسلامی میں تاریخوں اور مہینوں کے بعض اختلافات ملتے ہیں۔ کوئی کسی سال کا مہینہ اور تاریخ بیان کرتا ہے۔ اور کوئی مدنی سال کا۔

یہ طریقہ سنہ ۱۰ھ میں حجۃ الوداع تک جاری رہا۔ اس سال دورہ کے بعد حج حقیقۃً ذی الحجہ کی ۹ کو جمعہ کے دن ہوا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بحکم خدا یہ اعلان فرما دیا کہ اب زمانہ پھر صحیح وقت پر آگیا ہے، آئندہ سے نہ کبیسہ ہوگا۔ اور نہ نسئی ہوا کرے گی۔ اس کے بعد سے ایک ہی قسم کا قمری سال شمار ہونے لگا۔

دنیا کے ہر ملک اور ہر قوم میں کسی مشہور اور اہم واقعہ سے سال کا شمار ہوتا ہے۔ کہیں بادشاہوں کی تخت نشینی سے اور کہیں کسی حادثہ سے، کبھی یہ شمار ملکی فتوحات سے اور کبھی ارضی وسماوی تغیرات سے ہوتا ہے، مثلاً ہندوستان کے مختلف حصوں میں راجہ بکرماجیت کے جشن تخت نشینی سے سنہ بکرمی کا رواج ہے۔ دکن میں کسی دوسرے راجہ کی فتوحات سے ایک سنہ رائج ہو گیا ہے۔ اٹلی میں آگ لگنے کے واقعہ سے شمار کا طریقہ مدتوں رائج رہا ہے۔

مسلمانوں کا ہجری سال حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ہجرت سے چلتا ہے۔ یعنی جس سال آپ نے ہجرت فرمائی تھی۔ اس سال کی پہلی محرم سے سنہ ۱ ہجری شمار کیا جاتا ہے۔

آپ مکہ مکرمہ سے ہجرت فرما کر مدینہ منورہ کے مقام قبا پر جس دن پہنچے تھے، اس دن دوشنبہ ۸ ربیع الاول سنہ ۱ ہجری تھا جو موجودہ گریگوری کلینڈر کے حساب سے ۲۰ ستمبر ۶۲۲ء پڑتا ہے۔ جو مطابق ہے۔ یہودی پہلے مہینہ تشرین اول کی ۱۰ تاریخ ۴۳۸۳ء خلیفہ کے اس دن یہود صوم کپور کا تہوار مناتے تھے اور روزہ رکھے ہوئے تھے۔ اسی دن کو یہودیوں نے یوم عاشورہ قرار دے رکھا تھا، اور ہر سال تشرین اول کی دس تاریخ کو صوم کپور رکھتے تھے، عاشورہ کہتے تھے۔ وہ بنی اسرائیل کے فرعون سے نجات پانے کی تاریخ قرار دے کر تہوار منایا کرتے تھے۔

اس سال کی تاریخ یکم محرم موجودہ گریگورین کلینڈر کے بموجب جمعہ ۱۶ جولائی ۶۲۲ء پڑتی ہے۔ اور یہی سنہ ہجری کی ابتداء ہے۔

عام طور پر مشہور ہے کہ سنہ ہجری کی ابتداء حضرت فاروق اعظم کے عہد میں ہوئی۔ لیکن یہ صحیح نہیں ہے کہ آپ نے سرکاری مراسلات میں تاریخ کا اندراج لازمی قرار دیا تھا، ورنہ اس کی ابتداء خود حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم سے ہو چکی تھی (تاریخ ابن عساکر جلد اول بحوالہ الشماریخ للسیوطی)

سنہ عیسوی :- آج جس شمسی کلینڈر کو ہم عیسوی سنہ کہتے ہیں اور جو گریگوری کلینڈر بھی

کہلاتا ہے، یہ حقیقتہً پرانا رومی کلینڈر ہے جسے اگسٹس نے ترمیم کیا، پھر جولین نے ترمیم کیا اور جولین کلینڈر کہلانے لگا۔ اور اس کے بعد بھی کئی بار ترمیم کی گئی۔ آخری بار اس میں ۱۵۸۲ء میں پاپائے گریگوری کے حکم سے ترمیم ہوئی۔

جولین کے چھ سو سال بعد ایک عیسائی راہب ڈینس ایگزیگوس نے اسے حضرت عیسیٰ کی طرف غلط حساب کرکے منسوب کردیا جب سے اسے مسیحی کلینڈر کہنے لگے۔ ورنہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے اس کا حقیقتہً کوئی تعلق نہیں ہے (امریکن پیپل انسائیکلوپیڈیا۔ مادہ کلینڈر)

تقابلی جدولین

ہجری کے قمری سنین اور دیگر شمسی سنین کے مابین تقابلی جدولیں تیار کرنے کی کوشش بہت قدیم ہیں۔ فلکیات کے ماہرین پہلی صدی ہجری ہی سے ایسی جدولیں بنانے لگے تھے۔ یعقوبی کی وفات ۲۹۲ھ میں ہوئی ہے اور وہ اپنی تاریخ میں جب کسی اہم واقعہ تاریخی کا ذکر کرتا ہے تو پورا زائچہ بھی لکھتا ہے۔ البیرونی، خیام اور مسعودی وغیرہ کا نام اس سلسلہ میں بہت مشہور ہے۔

اہل یورپ میں علم تاریخ کا شوق جب اوائل پندرھویں عیسوی میں پیدا ہوا تو انھوں نے بھی توجہ کی۔ اور رومن و جولین کلینڈر سے ہجری سنین کے تقابل کے لئے مختلف اوقات میں بہت سی جدولیں بنائی گئیں۔ آج کل بین الاقوامی طور پر تسلیم شدہ تقابلی جدول جرمنی کے ایک عالم وسٹیفلڈ کا ہے۔

تقابلی جدول کی تیاری میں دو قسم کی دقتیں ہیں۔ ایک تو یہ کہ قمری مہینہ حقیقتاً کسی مقام پر کب شروع ہوا۔ اس کے معلوم کرنے کی کوئی تدبیر نہیں۔ اسکا حل تو یہ نکال لیا گیا کہ محرم سے ۳۰ اور ۲۹ کے مہینے گن کر ۳۵۴ دن شمار کر لئے گئے۔ اور ہر تیسرے سال میں متواتر دو مہینے ۳۰ کے شمار کرکے ۳۵۵ دن کر لئے گئے۔

دوسری دقت شمسی سال و ماہ کی ہے۔ اس میں ۸ء میں ترمیم ہوئی ۱۹۹ء میں ہوئی۔ ۱۴۷۶ء میں ہوئی ۱۵۸۲ء میں ہوئی۔ اتنی ترمیمیں تو معلوم ہیں۔ اور حقیقتہً کتنی ہوئیں۔ ان کے لئے شواہد تاریخی موجود نہیں، کبھی آٹھ دن کم ہوگئے۔ کبھی دس دن، کبھی ۲۰ دن نکال دیئے گئے۔ کبھی چودہ مہینوں کا سال شمار ہوا۔ اور کبھی ساڑھے دس مہینوں کا۔

اس کا حل یہ نکالا گیا کہ ۱۵۸۲ء میں گریگوری کی ترمیم کے بعد جو صورت سال کی بنی۔ اس کو حقیقی مان کر ما قبل کی تاریخوں کو اسی حساب سے مرتب کرلیا گیا۔ مثلاً جس سال نومبر پر سال ختم کیا گیا تھا۔ یا جس سال جولائی پر سال ختم ہوا تھا، ان سب کو جنوری سے دسمبر تک بارہ مہینوں کا سال شمار کرلیا گیا۔

اس طرح اگرچہ حقیقی تقابل تو نہ ہو سکا، لیکن بہر حال ایک شکل بن گئی کہ موجودہ گریگوری

کلینڈر اور ہجری کلینڈر کی تقابلی جدولیں بن گئیں ۔ اور کام چلانے کے لئے اسے کافی قرار دے لیا گیا ۔

یہ تقویم بھی وسٹنفلڈ کے مسلمہ تقابلی جدولوں کے بموجب ہے ۔ بجز ایک دو جگہ کے جہاں وسٹنفلڈ کی تقابلی جدول صریحاً غلط ثابت ہوئی مثلاً حجۃ الوداع میں یوم عرفہ جمعہ تھا ۔ اور یقیناً ۹ ذی الحجہ سنہ ۱۰ ہجری تھا ، یوم شنبہ ہرگز نہیں تھا ، حساب بھی اس کی تائید کرتا ہے ۔

چند یادگار تاریخیں

- ولادت :- رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ، دوشنبہ ۱۲ ربیع اول سنہ ۵۳ قبل ہجرۃ حسب حساب کبیسہ (مکی کلینڈر) مطابق ۹ دسمبر سنہ ۵۶۹ موافق ۲۰ نیسان سنہ ۳۳۲ خلیقہ (یہودی) و ۲۰ نیسان سنہ ۸۸۲ سکندری
- ابتدائے نزول وحی :- رمضان سنہ ۱۱ قبل الہجرۃ (سنہ ۶۱۰ء)
- ہجرت :- نزول اجلال بمقام قبا ۔ مدینہ منورہ ، دوشنبہ ۸ ربیع الاول سنہ ۱ ہجری حسب حساب سال بغیر کبیسہ (مدنی کلینڈر) مطابق ۲۰ ستمبر سنہ ۶۲۲ء (بحساب موجودہ) موافق یوم عاشورہ یعنی ۱۰ تشرین اول سنہ ۴۳۸۳ خلیقہ (یوم صوم الکبور)
- وفات :- رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دوشنبہ ۱۲ ربیع الاول سنہ ۱۱ھ مطابق ۸ جون سنہ ۶۳۳ء

قبل الہجرۃ

مکی کلینڈر یعنی کبیسہ والے سال سے ۔ شمسی سال سے قمری کبیسہ شدہ سال سے ڈھائی یوم زیادہ ہے

سنہ	واقعات	سنہ	واقعات
سنہ ۵۴ ق ھ	یکم محرم، دوشنبہ ۲۰ ستمبر سنہ ۵۶۹ء ولادت رسول اللہ	سنہ ۲۷ ق ھ	
سنہ ۵۳ ق ھ	سنہ ۵۷۰ء	سنہ ۲۶ ق ھ	
سنہ ۵۲ ق ھ		سنہ ۲۵ ق ھ	
سنہ ۵۱ ق ھ	ولادت ابوبکر الصدیق رض	سنہ ۲۴ ق ھ	
سنہ ۵۰ ق ھ	شق صدر	سنہ ۲۳ ق ھ	سنہ ۶۰۰ء
سنہ ۴۹ ق ھ		سنہ ۲۲ ق ھ	
سنہ ۴۸ ق ھ	وفات بی بی آمنہ	سنہ ۲۱ ق ھ	
سنہ ۴۷ ق ھ	ولادت عثمان رض	سنہ ۲۰ ق ھ	ولادت علی رض
سنہ ۴۶ ق ھ	وفات عبد المطلب	سنہ ۱۹ ق ھ	کعبہ کی تعمیر نو
سنہ ۴۵ ق ھ		سنہ ۱۸ ق ھ	ولادت معاویہ رض
سنہ ۴۴ ق ھ		سنہ ۱۷ ق ھ	
سنہ ۴۳ ق ھ	سنہ ۵۸۰ء	سنہ ۱۶ ق ھ	
سنہ ۴۲ ق ھ		سنہ ۱۵ ق ھ	
سنہ ۴۱ ق ھ	ولادت عمر فاروق رض	سنہ ۱۴ ق ھ	ابتداء نزول وحی ولادت عائشہ رض
سنہ ۴۰ ق ھ		سنہ ۱۳ ق ھ	سنہ ۶۱۰ء
سنہ ۳۹ ق ھ		سنہ ۱۲ ق ھ	
سنہ ۳۸ ق ھ		سنہ ۱۱ ق ھ	
سنہ ۳۷ ق ھ		سنہ ۱۰ ق ھ	اعلان دعوت اسلام
سنہ ۳۶ ق ھ		سنہ ۹ ق ھ	ہجرت حبشہ
سنہ ۳۵ ق ھ		سنہ ۸ ق ھ	اسلام عمر رض و حمزہ رض
سنہ ۳۴ ق ھ		سنہ ۷ ق ھ	معاہدۂ ابطح
سنہ ۳۳ ق ھ	سنہ ۵۹۰ء	سنہ ۶ ق ھ	
سنہ ۳۲ ق ھ		سنہ ۵ ق ھ	
سنہ ۳۱ ق ھ		سنہ ۴ ق ھ	وفات خدیجہ رض
سنہ ۳۰ ق ھ		سنہ ۳ ق ھ	سنہ ۶۲۰ء
سنہ ۲۹ ق ھ		سنہ ۲ ق ھ	سنہ ۶۲۰-۲۱ء معراج و بیعت عقبہ اولیٰ
سنہ ۲۸ ق ھ		سنہ ۱ ق ھ	یکم محرم شنبہ ۱۲ جولائی سنہ ۶۲۱ء بیعت عقبہ ثانیہ

سنہ ۱ ہجری — سنہ ۲ ہجری

یکم ماہ	روز	۶۲۲ء	حوادث و واقعات	روز	۶۲۳ء	حوادث و واقعات
محرم	جمعہ	۱۶ جولائی		سہ شنبہ	۵ جولائی	
صفر	یکشنبہ	۱۵ اگست	۲۷ ہجرت شروع	پنجشنبہ	۴ اگست	۱۲ صفر فرضیت جہاد
ربیع اول	دوشنبہ	۱۳ ستمبر	۸ مسجد قبا کی بنیاد و پہلی نماز جمعہ ۱۹ ربیع اول کو محلہ بنی سالم میں مسجد نبوی کی بنیاد رکھی گئی اذان کی ابتدا	جمعہ	۲ ستمبر	
ربیع ثانی	چہارشنبہ	۱۳ اکتوبر		یکشنبہ	۲ اکتوبر	
جمادی اول	پنجشنبہ	۱۱ نومبر		دوشنبہ	۳۱ اکتوبر	
جمادی ثانی	شنبہ	۱۱ دسمبر		چہارشنبہ	۳۰ نومبر	
رجب	یکشنبہ	۹ جنوری	سنہ ۶۲۳ء	پنجشنبہ	۲۹ دسمبر	
شعبان	سہ شنبہ	۸ فروری		شنبہ	۲۸ جنوری	سنہ ۶۲۴ء ۱۷ ظہر کے وقت تحویل قبلہ، فرضیت صوم رمضان، ۲۰ رمضان غزوۂ بدر کبریٰ، وفات رقیہ بنت رسول، وجوب صدقۂ فطر، پہلی نماز عید، غزوۂ بنی قینقاع، رخصتی عائشہ
رمضان	چہارشنبہ	۹ مارچ	حضرت عائشہ کی ہجرت	یکشنبہ	۲۶ فروری	
شوال	جمعہ	۸ اپریل		سہ شنبہ	۲۷ مارچ	
ذی قعدہ	شنبہ	۷ مئی	حضرت سعد بن ابی وقاص کو ابواء بھیجا گیا۔ معاہدہ ابواء	چہارشنبہ	۲۵ اپریل	
ذی الحجہ	دوشنبہ	۶ جون	عبداللہ بن الزبیر کی ولادت بمقام قبا	جمعہ	۲۵ مئی	غزوۂ سویق۔ فاطمہ بنت رسول کی شادی

سنہ ۳ ہجری — سنہ ۴ ہجری

یکم ماہ	روز	۶۲۴ء	حوادث و واقعات	روز	۶۲۵ء	حوادث و واقعات
محرم	یکشنبہ	۲۴ جون	ام کلثوم بنت النبی کا نکاح حضرت عثمان ذوالنورین سے	پنجشنبہ	۱۳ جون	
صفر	سہ شنبہ	۲۴ جولائی		شنبہ	۱۳ جولائی	غزوۂ ذات الرقاع، غزوۂ بئر
ربیع اول	چہارشنبہ	۲۲ اگست		یکشنبہ	۱۱ اگست	غزوۂ بنی نضیر
ربیع ثانی	جمعہ	۲۱ ستمبر		سہ شنبہ	۱۰ ستمبر	
جمادی اول	شنبہ	۲۰ اکتوبر	غزوۂ بنی سلیم	چہارشنبہ	۹ اکتوبر	بقیہ غزوۂ ذات الرجیع
جمادی ثانی	دوشنبہ	۱۹ نومبر		جمعہ	۸ نومبر	قصۂ افک، نزول احکام تیمم
رجب	سہ شنبہ	۱۸ دسمبر		شنبہ	۷ دسمبر	
شعبان	پنجشنبہ	۱۷ جنوری	سنہ ۶۲۵ء	دوشنبہ	۶ جنوری	سنہ ۶۲۶ء بقیہ غزوۂ سویق و ولادت حضرت حسین السبط، تحریم خمر
رمضان	جمعہ	۱۵ فروری	ولادت حضرت حسن بن علی ۱۵ رمضان، امہات المؤمنین حفصہ و زینب[۱] ۷ شوال غزوۂ احد شہادت حمزہ	سہ شنبہ	۴ فروری	
شوال	یکشنبہ	۱۷ مارچ		پنجشنبہ	۶ مارچ	
ذی قعدہ	دوشنبہ	۱۵ اپریل		جمعہ	۴ اپریل	
ذی الحجہ	چہارشنبہ	۱۵ مئی		یکشنبہ	۴ مئی	

[۱] و ام المساکین کے نکاح

یکم ماہ	سنہ ۵ ہجری: روز	۶۲۶ء	حوادث و واقعات	سنہ ۶ ہجری: روز	۶۲۷ء	حوادث و واقعات
محرم	دوشنبہ	۲ر جون		شنبہ	۲۳ر مئی	غزوہ خیبر
صفر	چہارشنبہ	۲ر جولائی		دوشنبہ	۲۲ر جون	
ربیع اول	پنجشنبہ	۳۱ر جولائی	غزوۂ دومۃ الجندل	سہ شنبہ	۲۱ر جولائی	
ربیع ثانی	شنبہ	۳۰ اگست		پنجشنبہ	۲۰ر اگست	
جمادی اول	یکشنبہ	۲۸ر ستمبر		جمعہ	۱۸ر ستمبر	غزوہ بنی لحیان
جمادی ثانی	سہ شنبہ	۲۸ر اکتوبر		یکشنبہ	۱۸ر اکتوبر	
رجب	چہارشنبہ	۲۶ر نومبر		دوشنبہ	۱۶ر نومبر	
شعبان	جمعہ	۲۶ر دسمبر	غزوۂ بنی مصطلق	چہارشنبہ	۱۶ر دسمبر	غزوۂ ذی قرد
رمضان	شنبہ	۲۴ر جنوری	سنہ ۶۲۷ء	پنجشنبہ	۱۴ر جنوری	سنہ ۶۲۸ء
شوال	دوشنبہ	۲۳ر فروری	غزوہ خندق (الاحزاب)	شنبہ	۱۲ فروری	
ذی قعدہ	سہ شنبہ	۲۴ر مارچ		یکشنبہ	۱۳ر مارچ	صلح و عمرۂ حدیبیہ، وفات سعد بن خولہ اعلامی بحسب بیان طبری
ذی الحجہ	پنجشنبہ	۲۳ اپریل	غزوۂ بنی قریظہ، وفات حضرت سعد بن معاذ سید الاوس	سہ شنبہ	۱۲ اپریل	

یکم ماہ	سنہ ۷ ہجری: روز	۶۲۸ء	حوادث و واقعات	سنہ ۸ ہجری: روز	۶۲۹ء	حوادث و واقعات
محرم	چہارشنبہ	۱۱ر مئی		دوشنبہ	۱ر مئی	
صفر	جمعہ	۱۰ر جون		چہارشنبہ	۳۱ر مئی	
ربیع اول	شنبہ	۹ر جولائی	تبلیغی مکاتیب رسول	پنجشنبہ	۲۹ر جون	اسلام قبائل تہامہ
ربیع ثانی	دوشنبہ	۸ر اگست		شنبہ	۲۹ جولائی	
جمادی اول	سہ شنبہ	۶ر ستمبر		یکشنبہ	۲۷ر اگست	
جمادی ثانی	پنجشنبہ	۶ر اکتوبر		سہ شنبہ	۲۶ر ستمبر	
رجب	جمعہ	۴ر نومبر	مقوقس کا تحفہ	چہارشنبہ	۲۵ر اکتوبر	
شعبان	یکشنبہ	۴ر دسمبر		جمعہ	۲۴ر نومبر	
رمضان	دوشنبہ	۲ر جنوری	سنہ ۶۲۹ء	شنبہ	۲۳ر دسمبر	فتح مکہ مکرمہ
شوال	چہارشنبہ	۱ر فروری		سہ شنبہ	۲۲ر جنوری	سنہ ۶۳۰ء
ذی قعدہ	پنجشنبہ	۲ر مارچ		سہ شنبہ	۲۰ر فروری	غزوۂ حنین
ذی الحجہ	شنبہ	۱ر اپریل		پنجشنبہ	۲۲ر مارچ	

سنہ ۹ ہجری / سنہ ۱۰ ہجری

یکم ماہ	روز	۶۳۰ء	حوادث وواقعات	روز	۶۳۱ء	حوادث وواقعات
محرم	جمعہ	۲۰ر اپریل	تمام الوفود	سہ شنبہ	۹ر اپریل	
صفر	یکشنبہ	۲۰ر مئی		پنجشنبہ	۹ر مئی	یمنی قبائل کا اسلام
ربیع اول	دوشنبہ	۱۸ر جون		جمعہ	۷ر جولائی	
ربیع ثانی	چہارشنبہ	۱۸ر جولائی		یکشنبہ	۷ر جولائی	
جمادی اول	پنجشنبہ	۱۶ر اگست	قحطانی قبائل کا اسلام	دوشنبہ	۵ر اگست	
جمادی ثانی	شنبہ	۱۵ر ستمبر		چہارشنبہ	۴ر ستمبر	
رجب	یکشنبہ	۱۴ر اکتوبر		پنجشنبہ	۳ر اکتوبر	اسلام بنو غطفان
شعبان	سہ شنبہ	۱۳ر نومبر		شنبہ	۲ر نومبر	
رمضان	چہارشنبہ	۱۲ر دسمبر	آیت ربوا	یکشنبہ	۱ر دسمبر	غزوۂ تبوک
شوال	جمعہ	۱۱ر جنوری	۶۳۱ء	سہ شنبہ	۳۱ر دسمبر	
ذی قعدہ	شنبہ	۹ر فروری		چہارشنبہ	۲۹ر جنوری	۶۳۲ء
ذی الحجہ	دوشنبہ	۱۱ر مارچ	ابوبکرؓ امیر الحج	پنجشنبہ	۲۷ر فروری	حجۃ الوداع

سنہ ۱۱ ہجری / سنہ ۱۲ ہجری

یکم ماہ	روز	۶۳۲ء	حوادث وواقعات	روز	۶۳۳ء	حوادث وواقعات
محرم	یکشنبہ	۲۹ر مارچ		پنجشنبہ	۱۸ر مارچ	
صفر	سہ شنبہ	۲۸ر اپریل		شنبہ	۱۷ر اپریل	
ربیع اول	پنجشنبہ	۲۸ر مئی	۱۲ر وفات رسول اللہ، خلافت ابوبکرؓ	یکشنبہ	۱۶ر مئی	
ربیع ثانی	جمعہ	۲۶ر جون	سریۂ اسامہ	سہ شنبہ	۱۵ر جون	
جمادی اول	شنبہ	۲۵ر جولائی		چہارشنبہ	۱۴ر جولائی	
جمادی ثانی	دوشنبہ	۲۴ر اگست		جمعہ	۱۳ر اگست	
رجب	سہ شنبہ	۲۲ر ستمبر		شنبہ	۱۱ر ستمبر	
شعبان	پنجشنبہ	۲۲ر اکتوبر	وفات فاطمہؓ	دوشنبہ	۱۱ر اکتوبر	قتل مسیلمہ کذاب
رمضان	جمعہ	۲۰ر نومبر	وفات ام ایمنؓ	سہ شنبہ	۹ر نومبر	
شوال	یکشنبہ	۲۰ر دسمبر		پنجشنبہ	۹ر دسمبر	
ذی قعدہ	دوشنبہ	۱۸ر جنوری	۶۳۳ء	جمعہ	۷ر جنوری	۶۳۴ء
ذی الحجہ	چہارشنبہ	۱۷ر فروری		یکشنبہ	۶ر فروری	وفات داماد رسول اللہ ابوالعاصؓ

سنہ ۱۳ ہجری

یکم ماہ	روز	۶۳۴ء	حوادث و واقعات
محرم	دوشنبہ	۷ر مارچ	
صفر	چہارشنبہ	۶ر اپریل	
ربیع اول	پنجشنبہ	۵ر مئی	
ربیع ثانی	شنبہ	۴ر جون	
جمادی اوّل	یکشنبہ	۳ر جولائی	
جمادی ثانی	سہ شنبہ	۲ر اگست	وفات ابوبکرؓ و عتاب بن اسیدؓ
رجب	چہارشنبہ	۳۱ر اگست	
شعبان	جمعہ	۳۰ر ستمبر	
رمضان	شنبہ	۲۹ر اکتوبر	
شوال	دوشنبہ	۲۸ر نومبر	
ذی قعدہ	سہ شنبہ	۲۷ر دسمبر	
ذی الحجہ	چہارشنبہ	۲۶ر جنوری	۶۳۵ء

سنہ ۱۴ ہجری

یکم ماہ	روز	۶۳۵ء	حوادث و واقعات
محرم	شنبہ	۲۵ر فروری	
صفر	دوشنبہ	۲۷ر مارچ	
ربیع اول	سہ شنبہ	۲۵ر اپریل	فتح دمشق
ربیع ثانی	پنجشنبہ	۲۵ر مئی	
جمادی اوّل	جمعہ	۲۳ر جون	فتح بعلبک و حمص و انطاکیہ
جمادی ثانی	یکشنبہ	۲۳ر جولائی	
رجب	دوشنبہ	۲۱ر اگست	
شعبان	چہارشنبہ	۲۰ر ستمبر	
رمضان	پنجشنبہ	۱۹ر اکتوبر	
شوال	شنبہ	۱۸ر نومبر	وفات ابوقحافہؓ
ذی قعدہ	یکشنبہ	۱۷ر دسمبر	
ذی الحجہ	سہ شنبہ	۱۶ر جنوری	۶۳۶ء

سنہ ۱۵ ہجری

یکم ماہ	روز	۶۳۶ء	حوادث و واقعات
محرم	چہارشنبہ	۱۴ر فروری	
صفر	جمعہ	۱۵ر مارچ	
ربیع اوّل	شنبہ	۱۳ر اپریل	
ربیع ثانی	دوشنبہ	۱۳ر مئی	واقعۂ یرموک
جمادی اوّل	سہ شنبہ	۱۱ر جون	
جمادی ثانی	پنجشنبہ	۱۱ر جولائی	
رجب	جمعہ	۹ر اگست	وفات سعد بن عبادہؓ
شعبان	یکشنبہ	۸ر ستمبر	
رمضان	دوشنبہ	۷ر اکتوبر	
شوال	چہارشنبہ	۶ر نومبر	جنگ قادسیہ
ذی قعدہ	پنجشنبہ	۵ر دسمبر	
ذی الحجہ	شنبہ	۴ر جنوری	۶۳۷ء

سنہ ۱۶ ہجری

یکم ماہ	روز	۶۳۷ء	حوادث و واقعات
محرم	یکشنبہ	۲ر فروری	
صفر	سہ شنبہ	۴ر مارچ	
ربیع اوّل	چہارشنبہ	۲ر اپریل	
ربیع ثانی	جمعہ	۲ر مئی	تعمیر بصرہ
جمادی اوّل	شنبہ	۳۱ر مئی	
جمادی ثانی	دوشنبہ	۳۰ر جون	
رجب	سہ شنبہ	۲۹ر جولائی	تعمیر کوفہ
شعبان	پنجشنبہ	۲۸ر اگست	
رمضان	جمعہ	۲۷ر ستمبر	
شوال	یکشنبہ	۲۶ر اکتوبر	فتح بیت المقدس
ذی قعدہ	دوشنبہ	۲۴ر نومبر	وفات ماریہ قبطیہؓ
ذی الحجہ	چہارشنبہ	۲۴ر دسمبر	

سنہ ۱۷ ہجری

یکم ماہ	روز	۶۳۸ء	حوادث و واقعات
محرم	جمعہ	۲۲ر جنوری	
صفر	یکشنبہ	۲۲ر فروری	
ربیع اول	دوشنبہ	۲۳ر مارچ	
ربیع ثانی	چہارشنبہ	۲۲ر اپریل	
جمادی اول	پنجشنبہ	۲۱ر مئی	فتح اہواز
جمادی ثانی	شنبہ	۲۰ر جون	توسیع مسجد نبوی
رجب	یکشنبہ	۱۹ر جولائی	
شعبان	سہ شنبہ	۱۸ر اگست	واقعہ جلولاء
رمضان	چہارشنبہ	۱۶ر ستمبر	
شوال	جمعہ	۱۶ر اکتوبر	نکاح ام کلثومؓ بنت فاطمہ رضؓ
ذی قعدہ	شنبہ	۱۴ر نومبر	
ذی الحجہ	دوشنبہ	۱۴ر دسمبر	

سنہ ۱۸ ہجری

یکم ماہ	روز	۶۳۹ء	حوادث و واقعات
محرم	سہ شنبہ	۱۲ر جنوری	طاعون عمواس، وفات ابوعبیدہؓ
صفر	پنجشنبہ	۱۱ر فروری	
ربیع اول	جمعہ	۱۲ر مارچ	وفات معاذ بن جبلؓ
ربیع ثانی	یکشنبہ	۱۱ر اپریل	
جمادی اول	دوشنبہ	۱۰ر مئی	
جمادی ثانی	چہارشنبہ	۹ر جون	
رجب	پنجشنبہ	۸ر جولائی	
شعبان	شنبہ	۷ر اگست	
رمضان	یکشنبہ	۵ر ستمبر	وفات سہل بن عمرو
شوال	سہ شنبہ	۵ر اکتوبر	
ذی قعدہ	چہارشنبہ	۳ر نومبر	
ذی الحجہ	جمعہ	۳ر دسمبر	وفات یزید بن ابی سفیان رضؓ

سنہ ۱۹ ہجری

یکم ماہ	روز	۶۴۰ء	حوادث و واقعات
محرم	یکشنبہ	۲ر جنوری	امارت معاویہ رضؓ
صفر	سہ شنبہ	۱ر فروری	
ربیع اول	چہارشنبہ	۱ر مارچ	
ربیع ثانی	جمعہ	۳۱ر مارچ	
جمادی اول	شنبہ	۲۹ر اپریل	فتح تکریت
جمادی ثانی	دوشنبہ	۲۹ر مئی	فتح قیساریہ
رجب	سہ شنبہ	۲۷ر جون	
شعبان	پنجشنبہ	۲۷ر جولائی	
رمضان	جمعہ	۲۵ر اگست	وفات ابی بن کعب
شوال	یکشنبہ	۲۴ر ستمبر	
ذی قعدہ	دوشنبہ	۲۳ر اکتوبر	
ذی الحجہ	چہارشنبہ	۲۲ر نومبر	

سنہ ۲۰ ہجری

یکم ماہ	روز	۶۴۰ء	حوادث و واقعات
محرم	پنجشنبہ	۲۱ر دسمبر	
صفر	شنبہ	۲۰ر جنوری	۶۴۱ء
ربیع اول	یکشنبہ	۱۸ر فروری	وفات زینب بنت جحشؓ
ربیع ثانی	سہ شنبہ	۲۰ر مارچ	
جمادی اول	چہارشنبہ	۱۸ر اپریل	
جمادی ثانی	جمعہ	۱۸ر مئی	
رجب	شنبہ	۱۶ر جون	وفات اسید بن حضیر انصاریؓ
شعبان	دوشنبہ	۱۶ر جولائی	
رمضان	سہ شنبہ	۱۴ر اگست	
شوال	پنجشنبہ	۱۳ر ستمبر	وفات ہرقل ملک روم
ذی قعدہ	جمعہ	۱۲ر اکتوبر	
ذی الحجہ	یکشنبہ	۱۱ر نومبر	وفات سعد جمحی

سنہ ۲۱ ہجری				سنہ ۲۲ ہجری		
یکم ماہ	روز	۶۴۱ء	حوادث و واقعات	روز	۶۴۲ء	حوادث و واقعات
محرم	دوشنبہ	۱۰ر دسمبر	مصر میں عمرو بن العاص کا داخلہ	شنبہ	۳۰ر نومبر	فتح نہاوند
صفر	چہارشنبہ	۹ر جنوری	۶۴۲ء	دوشنبہ	۳۰ر دسمبر	، آذربائیجان
ربیع اول	پنجشنبہ	۷ر فروری		سہ شنبہ	۲۸ر جنوری	۶۴۳ء
ربیع ثانی	شنبہ	۹ر مارچ	واقعہ نہاوند	پنجشنبہ	۲۷ر فروری	فتح طرابلس
جمادی اول	یکشنبہ	۷ر اپریل		جمعہ	۲۸ر مارچ	
جمادی ثانی	سہ شنبہ	۷ر مئی	وفات خالدؓ بن الولید	یکشنبہ	۲۷ر اپریل	
رجب	چہارشنبہ	۵ر جون		دوشنبہ	۲۶ر مئی	
شعبان	جمعہ	۵ر جولائی		چہارشنبہ	۲۵ر جون	
رمضان	شنبہ	۳ر اگست		پنجشنبہ	۲۴ر جولائی	
شوال	دوشنبہ	۲ر ستمبر		شنبہ	۲۳ر اگست	وفات ابن کعب
ذی قعدہ	سہ شنبہ	۱ر اکتوبر	وفات العلاء بن الحضرمی	یکشنبہ	۲۱ر ستمبر	
ذی الحجہ	پنجشنبہ	۳۱ر اکتوبر		سہ شنبہ	۲۱ر اکتوبر	

سنہ ۲۳ ہجری				سنہ ۲۴ ہجری		
یکم ماہ	روز	۶۴۳ء	حوادث و واقعات	روز	۶۴۴ء	حوادث و واقعات
محرم	چہارشنبہ	۱۹ر نومبر		یکشنبہ	۷ر نومبر	خلافت عثمانؓ
صفر	جمعہ	۱۹ر دسمبر		سہ شنبہ	۷ر دسمبر	
ربیع اول	شنبہ	۱۷ر جنوری	۶۴۴ء	چہارشنبہ	۵ر جنوری	۶۴۵ء
ربیع ثانی	دوشنبہ	۱۶ر فروری		جمعہ	۴ر فروری	
جمادی اول	سہ شنبہ	۱۶ر مارچ		شنبہ	۵ر مارچ	
جمادی ثانی	پنجشنبہ	۱۵ر اپریل		دوشنبہ	۴ر اپریل	
رجب	جمعہ	۱۴ر مئی		سہ شنبہ	۳ر مئی	
شعبان	یکشنبہ	۱۳ر جون	وفات قتادہ بن النعمانؓ	پنجشنبہ	۲ر جون	
رمضان	دوشنبہ	۱۲ر جولائی		جمعہ	۱ر جولائی	
شوال	چہارشنبہ	۱۱ر اگست		یکشنبہ	۳۱ر جولائی	
ذی قعدہ	پنجشنبہ	۹ر ستمبر		دوشنبہ	۲۹ر اگست	
ذی الحجہ	شنبہ	۹ر اکتوبر	شہادت عمر فاروقؓ	چہارشنبہ	۲۸ر ستمبر	

سنہ ۲۵ ہجری / سنہ ۲۶ ہجری

یکم ماہ	روز (سنہ ۲۵)	۶۴۵ء	حوادث و واقعات	روز (سنہ ۲۶)	۶۴۶ء	حوادث و واقعات
محرم	جمعہ	۲۸ر اکتوبر		سہ شنبہ	۱۷ر اکتوبر	فتح سابور
صفر	یکشنبہ	۲۷ر نومبر		پنجشنبہ	۱۶ر نومبر	
ربیع اول	دوشنبہ	۲۶ر دسمبر		جمعہ	۱۵ر دسمبر	
ربیع ثانی	چہارشنبہ	۲۵ر جنوری	۶۴۶ء	یکشنبہ	۱۴ر جنوری	۶۴۷ء
جمادی اول	پنجشنبہ	۲۳ر فروری		دوشنبہ	۱۲ر فروری	
جمادی ثانی	شنبہ	۲۵ر مارچ		چہارشنبہ	۱۴ر مارچ	
رجب	یکشنبہ	۲۳ر اپریل		پنجشنبہ	۱۲ر اپریل	
شعبان	سہ شنبہ	۲۳ر مئی		شنبہ	۱۲ر مئی	
رمضان	چہارشنبہ	۲۱ر جون		یکشنبہ	۱۰ر جون	توسیع مسجد نبوی
شوال	جمعہ	۲۱ر جولائی		سہ شنبہ	۱۰ر جولائی	
ذی قعدہ	شنبہ	۱۹ر اگست		چہارشنبہ	۸ر اگست	
ذی الحجہ	دوشنبہ	۱۸ر ستمبر		جمعہ	۷ر ستمبر	

سنہ ۲۷ ہجری / سنہ ۲۸ ہجری

یکم ماہ	روز (سنہ ۲۷)	۶۴۷ء	حوادث و واقعات	روز (سنہ ۲۸)	۶۴۸ء	حوادث و واقعات
محرم	یکشنبہ	۷ر اکتوبر		پنجشنبہ	۲۵ر ستمبر	فتح قبرص
صفر	سہ شنبہ	۶ر نومبر		شنبہ	۲۵ر اکتوبر	
ربیع اول	چہارشنبہ	۵ر دسمبر		یکشنبہ	۲۳ر نومبر	
ربیع ثانی	جمعہ	۴ر جنوری	۶۴۸ء	سہ شنبہ	۲۳ر دسمبر	
جمادی اول	شنبہ	۲ر فروری		چہارشنبہ	۲۱ر جنوری	۶۴۹ء
جمادی ثانی	دوشنبہ	۳ر مارچ		جمعہ	۲۰ر فروری	
رجب	سہ شنبہ	۱ر اپریل		شنبہ	۲۱ر مارچ	
شعبان	پنجشنبہ	۱ر مئی	فتوحات افریقہ	دوشنبہ	۲۰ر اپریل	
رمضان	جمعہ	۳۰ر مئی		سہ شنبہ	۱۰ر مئی	
شوال	یکشنبہ	۲۹ر جون		پنجشنبہ	۱۸ر جون	تکمیل فتح آذربائیجان
ذی قعدہ	دوشنبہ	۲۸ر جولائی		جمعہ	۱۷ر جولائی	
ذی الحجہ	چہارشنبہ	۲۷ر اگست	پہلی بحری جنگ	یکشنبہ	۱۶ر اگست	

۲۹ سنہ ہجری

یکم ماہ	روز	۶۴۹ء	حوادث و واقعات
محرم	دوشنبہ	۱۴ر ستمبر	
صفر	چہارشنبہ	۱۴ر اکتوبر	فتح اصطخر
ربیع اول	پنجشنبہ	۱۲ر نومبر	
ربیع ثانی	شنبہ	۱۲ر دسمبر	
جمادی اول	یکشنبہ	۱۰ر جنوری	۶۵۰ء
جمادی ثانی	سہ شنبہ	۹ر فروری	
رجب	چہارشنبہ	۱۰ر مارچ	
شعبان	جمعہ	۹ اپریل	
رمضان	شنبہ	۸ر مئی	
شوال	دوشنبہ	۷ جون	
ذی قعدہ	سہ شنبہ	۶ر جولائی	فتح فارس و خراساں
ذی الحج	پنجشنبہ	۵ اگست	تعمیر نہر بصرہ

۳۰ سنہ ہجری

یکم ماہ	روز	۶۵۰ء	حوادث و واقعات
محرم	شنبہ	۴ر ستمبر	
صفر	دوشنبہ	۴ر اکتوبر	وفات حاطب بن بلتعہ رض
ربیع اول	سہ شنبہ	۲ر نومبر	
ربیع ثانی	پنجشنبہ	۲ر دسمبر	
جمادی اول	جمعہ	۳۱ر دسمبر	
جمادی ثانی	یکشنبہ	۳۰ر جنوری	۶۵۱ء
رجب	دوشنبہ	۲۸ر فروری	
شعبان	چہارشنبہ	۳۰ر مارچ	
رمضان	پنجشنبہ	۲۸ر اپریل	
شوال	شنبہ	۲۸ر مئی	
ذی قعدہ	یکشنبہ	۲۶ر جون	
ذی الحج	سہ شنبہ	۲۶ر جولائی	

۳۱ سنہ ہجری

یکم ماہ	روز	۶۵۱ء	حوادث و واقعات
محرم	چہارشنبہ	۲۴ر اگست	
صفر	جمعہ	۲۲ر ستمبر	
ربیع اول	شنبہ	۲۲ر اکتوبر	وفات ابو سفیان رض
ربیع ثانی	دوشنبہ	۲۱ر نومبر	
جمادی اول	سہ شنبہ	۲۰ر دسمبر	
جمادی ثانی	پنجشنبہ	۱۹ر جنوری	۶۵۲ء
رجب	جمعہ	۱۸ر فروری	
شعبان	یکشنبہ	۱۸ر مارچ	
رمضان	دوشنبہ	۱۶ر اپریل	
شوال	چہارشنبہ	۱۶ر مئی	وفات الحکم رض
ذی قعدہ	پنجشنبہ	۱۴ر جون	
ذی الحج	شنبہ	۱۴ر جولائی	

۳۲ سنہ ہجری

یکم ماہ	روز	۶۵۲ء	حوادث و واقعات
محرم	یکشنبہ	۱۳ر اگست	
صفر	سہ شنبہ	۱۱ر ستمبر	وفات عبدالرحمن بن عوف رض
ربیع اول	چہارشنبہ	۱۰ر اکتوبر	
ربیع ثانی	جمعہ	۹ر نومبر	وفات ابو درداء
جمادی اول	شنبہ	۸ر دسمبر	
جمادی ثانی	دوشنبہ	۷ر جنوری	۶۵۳ء
رجب	سہ شنبہ	۵ر فروری	
شعبان	پنجشنبہ	۷ر مارچ	
رمضان	جمعہ	۵ر اپریل	وفات عباس رض
شوال	یکشنبہ	۵ر مئی	وفات عبداللہ بن مسعود
ذی قعدہ	دوشنبہ	۳ر جون	وفات ابوذر غفاری رض
ذی الحج	چہارشنبہ	۳ر جولائی	

سنہ ۳۳ ہجری

یکم ماہ	روز	۶۵۳ء	حوادث و واقعات
محرم	جمعہ	۲ر اگست	
صفر	یکشنبہ	۱ر ستمبر	
ربیع اوّل	دوشنبہ	۳۰ر ستمبر	
ربیع ثانی	چہارشنبہ	۳۰ر اکتوبر	
جمادی اوّل	پنجشنبہ	۲۸ر نومبر	
جمادی ثانی	شنبہ	۲۸ر دسمبر	
رجب	یکشنبہ	۲۶ر جنوری	۶۵۴ء
شعبان	سہ شنبہ	۲۵ر فروری	
رمضان	چہارشنبہ	۲۶ر مارچ	وفات المقداد بن الاسودؓ
شوال	جمعہ	۲۵ر اپریل	
ذی قعد	شنبہ	۲۴ر مئی	
ذی الحج	دوشنبہ	۲۳ر جون	

سنہ ۳۴ ہجری

یکم ماہ	روز	۶۵۴ء	حوادث و واقعات
محرم	سہ شنبہ	۲۳ر جولائی	
صفر	پنجشنبہ	۲۱ر اگست	
ربیع اوّل	جمعہ	۱۹ر ستمبر	
ربیع ثانی	یکشنبہ	۱۹ر اکتوبر	
جمادی اوّل	دوشنبہ	۱۷ر نومبر	
جمادی ثانی	چہارشنبہ	۱۷ر دسمبر	
رجب	پنجشنبہ	۱۵ر جنوری	۶۵۵ء
شعبان	شنبہ	۱۴ر فروری	
رمضان	یکشنبہ	۱۵ر مارچ	بغاوت اہل کوفہ
شوال	سہ شنبہ	۱۴ر اپریل	امارت ابو موسیٰ بر کوفہ
ذی قعد	چہارشنبہ	۱۳ر مئی	
ذی الحج	جمعہ	۱۲ جون	

سنہ ۳۵ ہجری

یکم ماہ	روز	۶۵۵ء	حوادث و واقعات
محرم	شنبہ	۱۱ر جولائی	
صفر	دوشنبہ	۱۰ر اگست	وفات ابوطلحہ انصاریؓ
ربیع اوّل	سہ شنبہ	۸ر ستمبر	
ربیع ثانی	پنجشنبہ	۸ر اکتوبر	
جمادی اوّل	جمعہ	۶ر نومبر	وفات عبادۃ بن صامتؓ
جمادی ثانی	یکشنبہ	۶ر دسمبر	
رجب	دوشنبہ	۴ر جنوری	۶۵۶ء
شعبان	چہارشنبہ	۳ر فروری	
رمضان	پنجشنبہ	۳ر مارچ	
شوال	شنبہ	۲ر اپریل	
ذی قعد	یکشنبہ	۱ر مئی	وفات عامرؓ
ذی الحج	سہ شنبہ	۳۱ر مئی	شہادت عثمانؓ

سنہ ۳۶ ہجری

یکم ماہ	روز	۶۵۶ء	حوادث و واقعات
محرم	پنجشنبہ	۳۰ر جون	خلافت علیؓ
صفر	شنبہ	۳۰ر جولائی	
ربیع اوّل	یکشنبہ	۲۸ اگست	وفات سلمان فارسیؓ
ربیع ثانی	سہ شنبہ	۲۷ر ستمبر	
جمادی اوّل	چہارشنبہ	۲۶ر اکتوبر	
جمادی ثانی	جمعہ	۲۵ر نومبر	واقعۂ جمل، وفات طلحہؓ و زبیرؓ
رجب	شنبہ	۲۴ر دسمبر	
شعبان	دوشنبہ	۲۳ر جنوری	۶۵۷ء
رمضان	سہ شنبہ	۲۱ر فروری	
شوال	پنجشنبہ	۲۳ر مارچ	وفات حذیفہؓ
ذی قعد	جمعہ	۲۱ر اپریل	
ذی الحج	یکشنبہ	۲۰ر مئی	

یکم ماہ	سنہ ۳۷ ہجری			سنہ ۳۸ ہجری		
	روز	۶۵۷ء	حوادث و واقعات	روز	۶۵۸ء	حوادث و واقعات
محرم	دو شنبہ	۱۹ر جون	واقعہ صفین	شنبہ	۹ر جون	
صفر	چہارشنبہ	۱۹ر جولائی		دو شنبہ	۹ر جولائی	
ربیع اول	پنجشنبہ	۱۷ر اگست		سہ شنبہ	۷ر اگست	
ربیع ثانی	شنبہ	۱۶ر ستمبر		پنجشنبہ	۶ر ستمبر	
جمادی اول	یکشنبہ	۱۵ر اکتوبر		جمعہ	۵ر اکتوبر	
جمادی ثانی	سہ شنبہ	۱۴ر نومبر		یکشنبہ	۴ر نومبر	
رجب	چہارشنبہ	۱۳ر دسمبر		دو شنبہ	۳ر دسمبر	وفات مالک بن اشتر
شعبان	جمعہ	۱۲ر جنوری	۶۵۸ء	چہارشنبہ	۲ر جنوری	۶۵۹ء
رمضان	شنبہ	۱۰ر فروری	جلسہ حکمین	پنجشنبہ	۳۱ر جنوری	جنگ خوارج
شوال	دو شنبہ	۱۲ر مارچ		شنبہ	۲ر مارچ	وفات صہیب رومی رض
ذی قعدہ	سہ شنبہ	۱۰ر اپریل	وفات حباب بن الارت رض	یکشنبہ	۳۱ر مارچ	وفات سہل بن الاحنف
ذی الحجہ	پنجشنبہ	۱۰ر مئی		سہ شنبہ	۳۰ر اپریل	وفات محمد بن ابی بکر

یکم ماہ	سنہ ۳۹ ہجری			سنہ ۴۰ ہجری		
	روز	۶۵۹ء	حوادث و واقعات	روز	۶۶۰ء	حوادث و واقعات
محرم	چہارشنبہ	۲۹ر مئی		یکشنبہ	۱۷ر مئی	وفات خوات رض و عقبہ رض
صفر	جمعہ	۲۸ر جون		سہ شنبہ	۱۶ر جون	" ابو سہل رض
ربیع اول	شنبہ	۲۷ر جولائی		چہارشنبہ	۱۵ر جولائی	
ربیع ثانی	دو شنبہ	۲۶ر اگست		جمعہ	۱۳ر اگست	وفات اشعث کندی رض
جمادی اول	سہ شنبہ	۲۴ر ستمبر		شنبہ	۱۱ر ستمبر	
جمادی ثانی	پنجشنبہ	۲۴ر اکتوبر		دو شنبہ	۱۲ر اکتوبر	
رجب	جمعہ	۲۲ر نومبر	وفات میمونہ رض	سہ شنبہ	۱۰ر نومبر	
شعبان	یکشنبہ	۲۲ر دسمبر		پنجشنبہ	۱۰ر دسمبر	
رمضان	دو شنبہ	۲۰ر جنوری	۶۶۰ء	جمعہ	۸ر جنوری	۶۶۱ء شہادت علی رض و خلافت حسن رض
شوال	چہارشنبہ	۱۹ر فروری		یکشنبہ	۷ر فروری	
ذی قعدہ	پنجشنبہ	۱۹ر مارچ		دو شنبہ	۸ر مارچ	
ذی الحجہ	شنبہ	۱۸ر اپریل		چہارشنبہ	۷ر اپریل	

سنہ ۴۱ ہجری — سنہ ۴۲ ہجری

یکم ماہ	روز	۶۶۱ء	حوادث و واقعات	روز	۶۶۲ء	حوادث و واقعات
محرم	جمعہ	۷ر مئی		سہ شنبہ	۲۶ر اپریل	
صفر	یکشنبہ	۶ر جون		پنجشنبہ	۲۶ر مئی	
ربیع اوّل	دوشنبہ	۵ر جولائی	صلح حسنؓ و معاویہؓ	دوشنبہ	۲۴ر جون	
ربیع ثانی	چہارشنبہ	۴ر اگست		یکشنبہ	۲۴ر جولائی	
جمادی اوّل	پنجشنبہ	۲ر ستمبر	وفات صفوان بن امیہؓ	دوشنبہ	۲۲ر اگست	
جمادی ثانی	شنبہ	۲ر اکتوبر		چہارشنبہ	۲۱ر ستمبر	
رجب	یکشنبہ	۳۱ر اکتوبر	وفات ام المومنین حفصہؓ	پنجشنبہ	۲۰ر اکتوبر	
شعبان	سہ شنبہ	۳۰ر نومبر		شنبہ	۱۹ر نومبر	
رمضان	چہارشنبہ	۲۹ر دسمبر		یکشنبہ	۱۸ر دسمبر	
شوال	جمعہ	۲۸ر جنوری	۶۶۲ء	سہ شنبہ	۱۷ر جنوری	۶۶۳ء
ذی قعدہ	شنبہ	۲۶ر فروری	وفات لبیدؓ	چہارشنبہ	۱۵ر فروری	سندھ میں اسلامی فوج داخل ہوئی
ذی الحجہ	دوشنبہ	۲۸ر مارچ		جمعہ	۱۷ر مارچ	وفات عثمان جمحیؓ

سنہ ۴۳ ہجری — سنہ ۴۴ ہجری

یکم ماہ	روز	۶۶۳ء	حوادث و واقعات	روز	۶۶۴ء	حوادث و واقعات
محرم	شنبہ	۱۵ر اپریل		پنجشنبہ	۴ر اپریل	
صفر	دوشنبہ	۱۵ر مئی	وفات محمد بن مسلمہؓ	شنبہ	۴ر مئی	
ربیع اوّل	سہ شنبہ	۱۳ر جون		یکشنبہ	۲ر جون	تکمیل فتح کابل
ربیع ثانی	پنجشنبہ	۱۳ر جولائی	تکمیل فتح سوڈان	سہ شنبہ	۲ر جولائی	
جمادی اوّل	جمعہ	۱۱ر اگست		چہارشنبہ	۳۱ر جولائی	وفات ام حبیبہؓ
جمادی ثانی	یکشنبہ	۱۰ر ستمبر		جمعہ	۳۰ر اگست	
رجب	دوشنبہ	۹ر اکتوبر	وفات عبداللہ بن سلامؓ	شنبہ	۲۸ر ستمبر	
شعبان	چہارشنبہ	۸ر نومبر		دوشنبہ	۲۸ر اکتوبر	
رمضان	پنجشنبہ	۷ر دسمبر		سہ شنبہ	۲۶ر نومبر	
شوال	شنبہ	۶ر جنوری	۶۶۴ء وفات عمرو بن العاص	پنجشنبہ	۲۶ر دسمبر	
ذی قعدہ	یکشنبہ	۴ر فروری		جمعہ	۲۴ر جنوری	۶۶۵ء
ذی الحجہ	سہ شنبہ	۵ر مارچ		یکشنبہ	۲۳ر فروری	وفات ابوموسیٰ اشعری

سنہ ۴۵ ہجری — سنہ ۴۶ ہجری

یکم ماہ	روز (۴۵ھ)	۶۶۵ء	حوادث و واقعات	روز (۴۶ھ)	۶۶۶ء	حوادث و واقعات
محرم	دوشنبہ	۲۴ر مارچ	فتوحات افریقیہ	جمعہ	۱۳ر مارچ	
صفر	چہارشنبہ	۲۳ر اپریل		یکشنبہ	۱۲ر اپریل	
ربیع اوّل	پنجشنبہ	۲۲ر مئی		دوشنبہ	۱۱ر مئی	
ربیع ثانی	شنبہ	۲۱ر جون		چہارشنبہ	۱۰ر جون	
جمادی اوّل	یکشنبہ	۲۰ر جولائی		پنجشنبہ	۹ر جولائی	
جمادی ثانی	سہ شنبہ	۱۹ر اگست		شنبہ	۸ر اگست	
رجب	چہارشنبہ	۱۷ر ستمبر	وفات زید بن ثابت رضؓ	یکشنبہ	۶ر ستمبر	وفات عبدالرحمن بن خالدؓ
شعبان	جمعہ	۱۷ر اکتوبر		سہ شنبہ	۶ر اکتوبر	
رمضان	شنبہ	۱۵ر نومبر		چہارشنبہ	۴ر نومبر	
شوال	دوشنبہ	۱۵ر دسمبر		جمعہ	۴ر دسمبر	
ذی قعدہ	سہ شنبہ	۱۳ر جنوری	۶۶۶ء	شنبہ	۲ر جنوری	۶۶۷ء
ذی الحجہ	پنجشنبہ	۱۲ر فروری	وفات عاصم بن عدی رضؓ	دوشنبہ	۱ر فروری	

سنہ ۴۷ ہجری — سنہ ۴۸ ہجری

یکم ماہ	روز (۴۷ھ)	۶۶۷ء	حوادث و واقعات	روز (۴۸ھ)	۶۶۸ء	حوادث و واقعات
محرم	چہارشنبہ	۳ر مارچ		یکشنبہ	۲۰ر فروری	
صفر	جمعہ	۲ر اپریل		سہ شنبہ	۲۱ر مارچ	سنان بن سلمہ سندھ میں آئے۔
ربیع اوّل	شنبہ	۱ر مئی		چہارشنبہ	۱۹ر اپریل	
ربیع ثانی	دوشنبہ	۳۱ر مئی		جمعہ	۱۹ر مئی	
جمادی اوّل	سہ شنبہ	۲۹ر جون		شنبہ	۱۷ر جون	
جمادی ثانی	پنجشنبہ	۲۹ر جولائی	تکمیل فتح لیبیا	دوشنبہ	۱۷ر جولائی	معاویہؓ نے ڈاکخانہ قائم کیا۔
رجب	جمعہ	۲۷ر اگست		سہ شنبہ	۱۵ر اگست	
شعبان	یکشنبہ	۲۶ر ستمبر		پنجشنبہ	۱۴ر ستمبر	
رمضان	دوشنبہ	۲۵ر اکتوبر		جمعہ	۱۴ر اکتوبر	
شوال	چہارشنبہ	۲۴ر نومبر		یکشنبہ	۱۲ر نومبر	
ذی قعدہ	پنجشنبہ	۲۳ر دسمبر		دوشنبہ	۱۱ر دسمبر	
ذی الحجہ	شنبہ	۲۲ر جنوری	۶۶۸ء	چہارشنبہ	۱۰ر جنوری	۶۶۹ء

سنہ ۴۹ ہجری

یکم ماہ	روز	۶۶۹ء	حوادث و واقعات
محرم	جمعہ	۹ر فروری	
صفر	یکشنبہ	۱۱ر مارچ	
ربیع اوّل	دوشنبہ	۹ر اپریل	وفات حسن رض
ربیع ثانی	چہارشنبہ	۹ر مئی	
جمادی اوّل	پنجشنبہ	۷ر جون	
جمادی ثانی	شنبہ	۷ر جولائی	
رجب	یکشنبہ	۵ر اگست	
شعبان	سہ شنبہ	۴ر ستمبر	معاویہ رض نے شفاخانہ تعمیر کیا۔
رمضان	چہارشنبہ	۳ر اکتوبر	
شوال	جمعہ	۲ر نومبر	
ذی قعد	شنبہ	۱ر دسمبر	
ذی الحجہ	دوشنبہ	۳۱ر دسمبر	

سنہ ۵۰ ہجری

یکم ماہ	روز	۶۷۰ء	حوادث و واقعات
محرم	سہ شنبہ	۲۹ر جنوری	
صفر	پنجشنبہ	۲۸ر فروری	وفات صفیہ بنت حی رض
ربیع اوّل	جمعہ	۲۹ر مارچ	
ربیع ثانی	یکشنبہ	۲۸ر اپریل	وفات کعب بن مالک رض
جمادی اوّل	دوشنبہ	۲۷ر مئی	
جمادی ثانی	چہارشنبہ	۲۶ر جون	وفات عبدالرحمن بن سمرۃ رض
رجب	پنجشنبہ	۲۵ر جولائی	
شعبان	شنبہ	۲۴ر اگست	وفات مغیرہ بن شعبہ رض
رمضان	یکشنبہ	۲۲ر ستمبر	
شوال	سہ شنبہ	۲۲ر اکتوبر	
ذی قعد	چہارشنبہ	۲۰ر نومبر	یزید نے قسطنطنیہ پر حملہ کیا۔
ذی الحجہ	جمعہ	۲۰ر دسمبر	

سنہ ۵۱ ہجری

یکم ماہ	روز	۶۷۱ء	حوادث و واقعات
محرم	شنبہ	۱۸ر جنوری	وفات ابو ایوب انصاری رض
صفر	دوشنبہ	۱۷ر فروری	
ربیع اوّل	سہ شنبہ	۱۸ر مارچ	وفات سعید بن زید رض
ربیع ثانی	پنجشنبہ	۱۷ر اپریل	
جمادی اوّل	جمعہ	۱۶ر مئی	
جمادی ثانی	یکشنبہ	۱۵ر جون	
رجب	دوشنبہ	۱۴ر جولائی	
شعبان	چہارشنبہ	۱۳ر اگست	
رمضان	پنجشنبہ	۱۱ر ستمبر	
شوال	شنبہ	۱۱ر اکتوبر	
ذی قعدہ	یکشنبہ	۹ر نومبر	
ذی الحجہ	سہ شنبہ	۹ر دسمبر	وفات جریر بن عبداللہ البجلی رض

سنہ ۵۲ ہجری

یکم ماہ	روز	۶۷۲ء	حوادث و واقعات
محرم	پنجشنبہ	۸ر جنوری	
صفر	شنبہ	۷ر فروری	وفات عمران بن حصین رض
ربیع اوّل	یکشنبہ	۷ر مارچ	
ربیع ثانی	سہ شنبہ	۶ر اپریل	
جمادی اوّل	چہارشنبہ	۵ر مئی	وفات کعب بن عجرہ رض
جمادی ثانی	جمعہ	۴ر جون	
رجب	شنبہ	۳ر جولائی	وفات معاویہ بن خدیج رض
شعبان	دوشنبہ	۲ر اگست	
رمضان	سہ شنبہ	۳۱ر اگست	
شوال	پنجشنبہ	۳۰ر ستمبر	
ذی قعدہ	جمعہ	۲۹ر اکتوبر	
ذی الحجہ	یکشنبہ	۲۸ر نومبر	

سنہ ۵۳ ہجری — سنہ ۵۴ ہجری

یکم ماہ	روز	۶۷۲ء	حوادث و واقعات	روز	۶۷۳ء	حوادث و واقعات
محرم	دو شنبہ	۲۷ر دسمبر	وفات عبدالرحمٰن بن ابی بکرؓ	جمعہ	۱۶ر دسمبر	
صفر	چہار شنبہ	۲۶ر جنوری	۶۷۳ء	یکشنبہ	۱۵ر جنوری	۶۷۴ء
ربیع اوّل	پنجشنبہ	۲۴ر فروری		دو شنبہ	۱۳ر فروری	
ربیع ثانی	شنبہ	۲۶ر مارچ		چہار شنبہ	۱۵ر مارچ	
جمادی اوّل	یکشنبہ	۲۴ر اپریل		پنجشنبہ	۱۳ر اپریل	
جمادی ثانی	سہ شنبہ	۲۴ر مئی		شنبہ	۱۳ر مئی	
رجب	چہار شنبہ	۲۲ر جون		یکشنبہ	۱۱ر جون	وفات اسامہ بن زیدؓ
شعبان	جمعہ	۲۲ر جولائی		سہ شنبہ	۱۱ر جولائی	وفات ثوبانؓ و جبیرؓ
رمضان	شنبہ	۲۰ر اگست	وفات زیاد بن ابی سفیانؓ	چہار شنبہ	۹ر اگست	وفات حسانؓ
شوال	دو شنبہ	۱۹ر ستمبر		جمعہ	۸ر ستمبر	ابتداء فتوحات بخارا
ذی قعدہ	سہ شنبہ	۱۸ر اکتوبر		شنبہ	۷ر اکتوبر	
ذی الحجہ	پنجشنبہ	۱۷ر نومبر		دو شنبہ	۶ر نومبر	وفات عبداللہ بن انیسؓ

سنہ ۵۵ ہجری — سنہ ۵۶ ہجری

یکم ماہ	روز	۶۷۴ء	حوادث و واقعات	روز	۶۷۵ء	حوادث و واقعات
محرم	چہار شنبہ	۶ر دسمبر	وفات سعد بن ابی وقاصؓ	یکشنبہ	۲۸ر نومبر	وفات جویریہ ام المومنین
صفر	جمعہ	۵ر جنوری	۶۷۵ء	سہ شنبہ	۲۵ر دسمبر	
ربیع اوّل	شنبہ	۳ر فروری		چہار شنبہ	۲۳ر جنوری	۶۷۶ء
ربیع ثانی	دو شنبہ	۵ر مارچ		جمعہ	۲۲ر فروری	سمرقند کا محاصرہ
جمادی اوّل	سہ شنبہ	۳ر اپریل		شنبہ	۲۲ر مارچ	
جمادی ثانی	پنجشنبہ	۳ر مئی	وفات ارقم بن ابی الارقمؓ	دو شنبہ	۲۱ر اپریل	
رجب	جمعہ	۱ر جون		سہ شنبہ	۲۰ر مئی	
شعبان	یکشنبہ	۱ر جولائی		پنجشنبہ	۱۹ر جون	
رمضان	دو شنبہ	۳۰ر جولائی		جمعہ	۱۸ر جولائی	
شوال	چہار شنبہ	۲۹ر اگست		یکشنبہ	۱۷ر اگست	
ذی قعدہ	پنجشنبہ	۲۸ر ستمبر	سمرقند پر حملہ	دو شنبہ	۱۵ر ستمبر	
ذی الحجہ	شنبہ	۲۷ر اکتوبر		چہار شنبہ	۱۵ر اکتوبر	

یکم ماہ	سنہ ۵۷ ہجری — روز	۶۷۶ء	حوادث و واقعات	سنہ ۵۸ ہجری — روز	۶۷۷ء	حوادث و واقعات
محرم	جمعہ	۱۴ نومبر		سہ شنبہ	۳ نومبر	
صفر	یکشنبہ	۱۴ دسمبر		پنجشنبہ	۳ دسمبر	
ربیع الاول	دوشنبہ	۱۲ جنوری	۶۷۷ء	جمعہ	۱ جنوری	۶۷۸ء
ربیع الثانی	چہارشنبہ	۱۱ فروری		یکشنبہ	۳۱ جنوری	
جمادی الاول	پنجشنبہ	۱۲ مارچ		دوشنبہ	۱ مارچ	
جمادی الثانی	شنبہ	۱۱ اپریل		چہارشنبہ	۳۱ مارچ	وفات عبیداللہ بن العباس رض
رجب	یکشنبہ	۱۰ مئی		پنجشنبہ	۲۹ اپریل	
شعبان	سہ شنبہ	۹ جون		شنبہ	۲۹ مئی	
رمضان	چہارشنبہ	۸ جولائی	وفات عائشہ رض	یکشنبہ	۲۷ جون	
شوال	جمعہ	۷ اگست		سہ شنبہ	۲۷ جولائی	
ذی قعدہ	شنبہ	۵ ستمبر	وفات ابوہریرہ رض	چہارشنبہ	۲۵ اگست	
ذی الحجہ	دوشنبہ	۵ اکتوبر		جمعہ	۲۴ ستمبر	

یکم ماہ	سنہ ۵۹ ہجری — روز	۶۷۸ء	حوادث و واقعات	سنہ ۶۰ ہجری — روز	۶۷۹ء	حوادث و واقعات
محرم	شنبہ	۲۳ اکتوبر		پنجشنبہ	۱۳ اکتوبر	وفات سمرة بن جندب رض
صفر	دوشنبہ	۲۲ نومبر		شنبہ	۱۲ نومبر	وفات عبداللہ بن مغفل رض
ربیع الاول	سہ شنبہ	۲۱ دسمبر		یکشنبہ	۱۱ دسمبر	
ربیع الثانی	پنجشنبہ	۲۰ جنوری	۶۷۹ء	سہ شنبہ	۱۰ جنوری	۶۸۰ء
جمادی الاول	جمعہ	۱۸ فروری		چہارشنبہ	۸ فروری	
جمادی الثانی	یکشنبہ	۲۰ مارچ		جمعہ	۹ مارچ	
رجب	دوشنبہ	۱۸ اپریل		شنبہ	۷ اپریل	وفات معاویہ رض و خلافت یزید
شعبان	چہارشنبہ	۱۸ مئی		دوشنبہ	۷ مئی	
رمضان	پنجشنبہ	۱۶ جون	وفات ام سلمہ رض	سہ شنبہ	۵ جون	
شوال	شنبہ	۱۶ جولائی		پنجشنبہ	۵ جولائی	
ذی قعدہ	یکشنبہ	۱۴ اگست		جمعہ	۳ اگست	
ذی الحجہ	سہ شنبہ	۱۳ ستمبر		یکشنبہ	۲ ستمبر	

	سنہ ۶۱ ہجری			سنہ ۶۲ ہجری		
یکم ماہ	روز	۶۸۰ء	حوادث و واقعات	روز	۶۸۱ء	حوادث و واقعات
محرم	دوشنبہ	۱؍اکتوبر	حادثۂ کربلا ۱۰؍محرم	جمعہ	۲۰؍ستمبر	
صفر	چہار شنبہ	۳۱؍اکتوبر		یکشنبہ	۲۰؍اکتوبر	وفات بریدۃ الاسلمی رض
ربیع اوّل	پنجشنبہ	۲۹؍نومبر		دوشنبہ	۱۸؍نومبر	
ربیع ثانی	شنبہ	۲۹؍دسمبر		چہار شنبہ	۱۸؍دسمبر	
جمادی اوّل	یکشنبہ	۲۷؍جنوری	۶۸۱ء	پنجشنبہ	۱۶؍جنوری	۶۸۲ء
جمادی ثانی	سہ شنبہ	۲۶؍فروری		شنبہ	۱۵؍فروری	
رجب	چہار شنبہ	۲۷؍مارچ		یکشنبہ	۱۶؍مارچ	
شعبان	جمعہ	۲۶؍اپریل	وفات حمزہ الاسلمی رض	سہ شنبہ	۱۵؍اپریل	وفات مسلمہ بن مخلد رض
رمضان	شنبہ	۲۵؍مئی		چہار شنبہ	۱۶؍مئی	
شوال	دوشنبہ	۲۴؍جون		جمعہ	۱۳؍جون	فتح خوارزم
ذی قعدہ	سہ شنبہ	۲۳؍جولائی		شنبہ	۱۲؍جولائی	
ذی الحجہ	پنجشنبہ	۲۲؍اگست		دوشنبہ	۱۱؍اگست	فتح سمرقند

	سنہ ۶۳ ہجری			سنہ ۶۴ ہجری		
یکم ماہ	روز	۶۸۲ء	حوادث و واقعات	روز	۶۸۳ء	حوادث و واقعات
محرم	چہار شنبہ	۱۰؍ستمبر		یکشنبہ	۳۰؍اگست	وفات مسلم بن عقبہ
صفر	جمعہ	۱۰؍اکتوبر		سہ شنبہ	۲۹؍ستمبر	
ربیع اوّل	شنبہ	۸؍نومبر	بغاوت مختار ثقفی	چہار شنبہ	۲۸؍اکتوبر	وفات یزید بن معاویہ
ربیع ثانی	دوشنبہ	۸؍دسمبر		جمعہ	۲۷؍نومبر	
جمادی اوّل	سہ شنبہ	۶؍جنوری	۶۸۳ء	شنبہ	۲۶؍دسمبر	
جمادی ثانی	پنجشنبہ	۵؍فروری		دوشنبہ	۲۵؍جنوری	۶۸۴ء
رجب	جمعہ	۶؍مارچ		سہ شنبہ	۲۳؍فروری	
شعبان	یکشنبہ	۷؍اپریل	وفات الاجدع الہمدانی رح	پنجشنبہ	۲۴؍مارچ	وفات ابو الولید بن عتبہ
رمضان	دوشنبہ	۴؍مئی		جمعہ	۲۲؍اپریل	
شوال	چہار شنبہ	۳؍جون		یکشنبہ	۲۲؍مئی	
ذی قعدہ	پنجشنبہ	۲؍جولائی		دوشنبہ	۲۰؍جون	وفات ربیعۃ الجرشی
ذی الحجہ	شنبہ	۱؍اگست	واقعۂ حرہ	چہار شنبہ	۲۰؍جولائی	ترمیم کعبہ

یکم ماہ	سنہ ۶۵ ہجری — روز	۶۸۴ء	حوادث و واقعات	سنہ ۶۶ ہجری — روز	۶۸۵ء	حوادث و واقعات
محرم	پنجشنبہ	۱۸ر اگست	خلافت مروان	سہ شنبہ	۸ر اگست	
صفر	شنبہ	۱۷ر ستمبر	وفات عبداللہ بن عمرو رض	پنجشنبہ	۷ر ستمبر	وفات جابر بن سمرۃ رض
ربیع اوّل	یکشنبہ	۱۶ر اکتوبر		جمعہ	۶ر اکتوبر	
ربیع ثانی	سہ شنبہ	۱۵ر نومبر		یکشنبہ	۵ر نومبر	
جمادی اوّل	چہار شنبہ	۱۴ر دسمبر		دو شنبہ	۴ر دسمبر	
جمادی ثانی	جمعہ	۱۳ر جنوری	۶۸۵ء	چہار شنبہ	۳ر جنوری	۶۸۶ء
رجب	شنبہ	۱۱ر فروری		پنجشنبہ	۱ر فروری	
شعبان	دو شنبہ	۱۳ر مارچ		شنبہ	۳ر مارچ	
رمضان	سہ شنبہ	۱۱ر اپریل	خلافت عبدالملک بن مروان	یکشنبہ	۱ر اپریل	
شوال	پنجشنبہ	۱۱ر مئی		سہ شنبہ	۱ر مئی	
ذی قعدہ	جمعہ	۹ر جون		چہار شنبہ	۳۰ر مئی	
ذی الحجہ	یکشنبہ	۹ر جولائی		جمعہ	۲۹ر جون	

یکم ماہ	سنہ ۶۷ ہجری — روز	۶۸۶ء	حوادث و واقعات	سنہ ۶۸ ہجری — روز	۶۸۷ء	حوادث و واقعات
محرم	شنبہ	۲۸ر جولائی		پنجشنبہ	۱۸ر جولائی	
صفر	دو شنبہ	۲۷ر اگست	وفات عمرو بن سعد	شنبہ	۱۷ر اگست	
ربیع اوّل	سہ شنبہ	۲۵ر ستمبر		یکشنبہ	۱۵ر ستمبر	
ربیع ثانی	پنجشنبہ	۲۵ر اکتوبر	وفات عبیداللہ بن زیاد	سہ شنبہ	۱۵ر اکتوبر	وفات عبداللہ بن العباس رض
جمادی اوّل	جمعہ	۲۳ر نومبر	وفات عدی رض بن حاتم	چہار شنبہ	۱۳ر نومبر	
جمادی ثانی	یکشنبہ	۲۳ر دسمبر		جمعہ	۱۳ر دسمبر	
رجب	دو شنبہ	۲۱ر جنوری	۶۸۷ء	شنبہ	۱۱ر جنوری	۶۸۸ء
شعبان	چہار شنبہ	۲۰ر فروری		دو شنبہ	۱۰ر فروری	
رمضان	پنجشنبہ	۲۱ر مارچ		سہ شنبہ	۱۰ر مارچ	
شوال	شنبہ	۲۰ر اپریل	قتل مختار ثقفی رض	پنجشنبہ	۹ر اپریل	وفات ابو واقد اللیثی رض
ذی قعدہ	یکشنبہ	۱۹ر مئی		جمعہ	۸ر مئی	
ذی الحجہ	سہ شنبہ	۱۸ر جون		یکشنبہ	۷ر جون	

سنہ ۶۹ ہجری — سنہ ۷۰ ہجری

یکم ماه	روز	۶۸۸ء	حوادث وواقعات	روز	۶۸۹ء	حوادث وواقعات
محرم	دوشنبہ	۶ر جولائی		جمعہ	۲۵ر جون	
صفر	چہارشنبہ	۵ر اگست		یکشنبہ	۲۵ر جولائی	
ربیع اوّل	پنجشنبہ	۳ر ستمبر		دوشنبہ	۲۳ر اگست	
ربیع ثانی	شنبہ	۳ر اکتوبر		چہارشنبہ	۲۲ر ستمبر	وفات عاصم بن عمر فاروقؓ
جمادی اوّل	یکشنبہ	۱ر نومبر		پنجشنبہ	۲۱ر اکتوبر	
جمادی ثانی	سہ شنبہ	۱ر دسمبر	بصرہ میں طاعون	سہ شنبہ	۲۰ر نومبر	
رجب	چہارشنبہ	۳۰ر دسمبر		یکشنبہ	۱۹ر دسمبر	
شعبان	جمعہ	۲۹ر جنوری	۶۸۹ء	سہ شنبہ	۱۸ر جنوری	۶۹۰ء
رمضان	شنبہ	۲۷ر فروری		چہارشنبہ	۱۶ر فروری	
شوال	دوشنبہ	۲۹ر مارچ	وفات ابوالاسود دؤلی	جمعہ	۱۸ر مارچ	
ذی قعدہ	سہ شنبہ	۲۷ر اپریل		شنبہ	۱۶ر اپریل	
ذی الحجہ	پنجشنبہ	۲۷ر مئی		دوشنبہ	۱۶ر مئی	

سنہ ۷۱ ہجری — سنہ ۷۲ ہجری

یکم ماه	روز	۶۹۰ء	حوادث وواقعات	روز	۶۹۱ء	حوادث وواقعات
محرم	چہارشنبہ	۱۵ر جون		یکشنبہ	۳ر جون	
صفر	جمعہ	۱۵ر جولائی		سہ شنبہ	۳ر جولائی	
ربیع اوّل	شنبہ	۱۳ر اگست	وفات عبداللہ بن ابی حدردؓ	چہارشنبہ	۲ر اگست	
ربیع ثانی	دوشنبہ	۱۲ر ستمبر		جمعہ	۱ر ستمبر	وفات الاحنف
جمادی اوّل	سہ شنبہ	۱۱ر اکتوبر		شنبہ	۳۰ر ستمبر	
جمادی ثانی	پنجشنبہ	۱۰ر نومبر		دوشنبہ	۳۰ر اکتوبر	
رجب	جمعہ	۹ر دسمبر		سہ شنبہ	۲۸ر نومبر	وفات عبیدة السلمانی رحؒ
شعبان	یکشنبہ	۸ر جنوری	۶۹۱ء	پنجشنبہ	۲۸ر دسمبر	
رمضان	دوشنبہ	۶ر فروری		جمعہ	۲۶ر جنوری	۶۹۲ء
شوال	چہارشنبہ	۸ر مارچ		یکشنبہ	۲۵ر فروری	
ذی قعدہ	پنجشنبہ	۶ر اپریل		دوشنبہ	۲۵ر مارچ	وفات البراء بن عازبؓ
ذی الحجہ	شنبہ	۶ر مئی		چہارشنبہ	۲۴ر اپریل	کوفہ پر خلیفہ کا قبضہ

سنہ ۷۳ ہجری

یکم ماہ	روز	۶۹۲ء	حوادث و واقعات
محرم	پنجشنبہ	۲۳ر مئی	
صفر	شنبہ	۲۲ر جون	
ربیع اول	یکشنبہ	۲۱ر جولائی	
ربیع ثانی	سہ شنبہ	۲۰ر اگست	
جمادی اول	چہار شنبہ	۱۸ر ستمبر	قتل عبداللہ بن الزبیرؓ
جمادی ثانی	جمعہ	۱۸ر اکتوبر	وفات اسماء بنت ابی بکرؓ
رجب	شنبہ	۱۶ر نومبر	
شعبان	دوشنبہ	۱۶ر دسمبر	
رمضان	سہ شنبہ	۱۴ر جنوری	۶۹۳ء
شوال	پنجشنبہ	۱۳ر فروری	
ذی قعدہ	جمعہ	۱۴ر مارچ	
ذی الحجہ	یکشنبہ	۱۳ر اپریل	تعمیر نو (کعبہ)

سنہ ۷۴ ہجری

یکم ماہ	روز	۶۹۳ء	حوادث و واقعات
محرم	سہ شنبہ	۱۳ر مئی	وفات عبداللہ بن عمرؓ
صفر	پنجشنبہ	۱۲ر جون	
ربیع اول	جمعہ	۱۱ر جولائی	وفات ابوسعید الخدریؓ
ربیع ثانی	یکشنبہ	۱۰ر اگست	وفات سلمہ بن الاکوع
جمادی اول	دوشنبہ	۸ر ستمبر	
جمادی ثانی	چہار شنبہ	۸ر اکتوبر	
رجب	پنجشنبہ	۶ر نومبر	وفات رویفع
شعبان	شنبہ	۶ر دسمبر	
رمضان	یکشنبہ	۴ر جنوری	۶۹۴ء
شوال	سہ شنبہ	۳ر فروری	
ذی قعدہ	چہار شنبہ	۴ر مارچ	وفات عبداللہ بن عتبہؓ
ذی الحجہ	جمعہ	۳ر اپریل	

سنہ ۷۵ ہجری

یکم ماہ	روز	۶۹۴ء	حوادث و واقعات
محرم	شنبہ	۲ر مئی	
صفر	دوشنبہ	۱ر جون	
ربیع اول	سہ شنبہ	۳۰ر جون	
ربیع ثانی	پنجشنبہ	۳۰ر جولائی	
جمادی اول	جمعہ	۲۸ر اگست	
